Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 14 پیر، 10 اپریل 2023ء، 19 رمضان المبارک 1444ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 04

1947 میں پاکستان بنا اور 10 اپریل 1973 کو وفاقی جمہوری اسلامی آئین کی بنیاد رکھی گئی، اور آج ہم اس آئین کی گولڈن جوبلی منانے کیلئے یہاں موجود ہیں

ملک میں جاری جمہوری و آئینی بحران سے نکلنے کا واحد حل مذاکرات ہیں، بلاول بھٹو

ہم نے ایک نہیں تین آمروں کا مقابلہ کیا، ہر آمر جعلی سیاست دان کھڑے کر دیتا ہے، کچھ جعلی سیاست دان اور کٹھ پتلیاں آج بھی پی ٹی آئی کے جھنڈے تلے جمع ہیں، وزیر خارجہ

یہ ہمیں بتانا چاہتے ہیں کہ 2 جمع 2 کا جواب تین ہوتا ہے، جب کہ واضح طور پر فیصلہ 4، 3 کا تھا، اس قسم کا مذاق آئین اور عدلیہ کے ساتھ کھیلا جا رہا ہے، اقلیت کو اکثریت پر ثابت کرنا چاہتے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری کا کہنا ہے کہ ملک میں آئینی و جمہوری بحران ہے جس سے نکلنے کا واحد حل مذاکرات ہے۔ آئین کی گولڈن جوبلی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ 1947 میں پاکستان بنا اور 10 اپریل 1973 کو وفاقی جمہوری اسلامی آئین کی بنیاد رکھی گئی، اور آج ہم اس آئین کی گولڈن جوبلی منانے کیلئے یہاں موجود ہیں، پاکستان کا آئین وہ زنجیر ہے جو چاروں صوبوں کو جوڑتا ہے، تعلیمی نصاب میں یہ دن پڑھایا جانا چاہئے۔ بلاول بھٹو کا کہنا تھا کہ آئین پاکستان نے بڑی مشکلات کا سامنا کیا، سیاسی کارکنوں نے آئین کیلئے بڑی قربانیاں دیں، ہم نے 3 آمریتوں کا مقابلہ کیا، ضیا الحق کی آمریت نے جمہوریت کی بنیادیں ہلا دیں، بینظیر بھٹو نے جمہوریت کی بحالی کا سفر شروع کیا، اور 1973 کے آئین کی بحالی کیلئے 30 سال جدوجہد کی۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ ہم نے ایک نہیں تین آمروں کا مقابلہ کیا، ہر آمر جعلی سیاست دان کھڑے کر دیتا ہے، کچھ جعلی سیاست دان اور کٹھ پتلیاں آج بھی پی ٹی آئی کے جھنڈے تلے جمع ہیں، سلیکٹڈ وزیراعظم کو ہٹانے کا مطلب یہ نہیں سازشیں ختم ہوگئیں، سوچا تھا جمہوریت کامیاب ہوگئی لیکن ہم غلط تھے، سازش آج تک چل رہی ہے، آج بھی ہر ادارے میں وہ لوگ موجود ہیں جو اس جمہوری سفر کے خلاف ہیں، اس گولڈن (بقیہ نمبر 1)

آصف زرداری کا شہباز شریف کو اپوزیشن سے غیر مشروط مذاکرات کا مشورہ

ڈائیلاگ کی اتھارٹی وزیراعظم کے پاس ہے لیکن شہباز شریف سے درخواست کروں گا کہ اپوزیشن سے مذاکرات کریں، سابق صدر

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) سابق صدر آصف علی زرداری نے وزیراعظم شہباز شریف کو اپوزیشن سے غیر مشروط مذاکرات کا مشورہ دے دیا۔ آئین پاکستان کی گولڈن جوبلی کے حوالے سے قومی اسمبلی کے خصوصی اجلاس سے اظہار خیال کرتے ہوئے آصف علی (بقیہ نمبر 4)

عمران خان کی تقاریر پر پابندی، پیمرا اور دیگر فریقین کو نوٹس جاری

وکیل نے عدالت سے استدعا کی کہ عدالتی حکم کے مطابق عمران خان کی تقاریر کی نشریات بحال کرنے کا حکم دیا جائے

لاہور (نامہ نگار) لاہور ہائیکورٹ نے پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کی تقاریر کی نشریات پر پابندی ختم کرنے کے عدالتی حکم پر عمل درآمد نہ کرنے کے معاملے پر پیمرا اور دیگر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کر لیا۔ لاہور ہائیکورٹ (بقیہ نمبر 3)

عدالتی فیصلے پر عمل نہ ہوا تو وزیراعظم سمیت کابینہ نااہل ہوں گے، فواد چوہدری

فواد چودھری کا کہنا تھا کہ آئین کے تحت انتخابات کیلئے فنڈز کی فراہمی براہ راست خزانے سے کی جاتی ہے

لاہور (نمائندہ خصوصی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما و سابق وفاقی وزیر فواد چودھری نے کہا ہے کہ اگر وفاقی حکومت نے سپریم کورٹ کے فیصلے پر عمل نہ کیا تو وزیراعظم اور کابینہ ارکان پانچ سال کیلئے نااہل ہوں گے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ (بقیہ نمبر 2)

قوم آج 1973 کے آئین کی گولڈن جوبلی منا رہی ہے، آئین بنانے والوں کو سیاسی دوراندیشی پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں، وزیراعظم

آئین بنانے والوں کو سیاسی دوراندیشی پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں، وزیراعظم

وزیراعظم شہباز شریف نے لکھا کہ 1973 کے آئین، ایک ایسی مقدس دستاویز جس نے 50 برس میں کئی طوفانوں کا مقابلہ کیا، آئین کی مقدس دستاویز نے وفاق کو ایک ساتھ تھام رکھا ہے

10 اپریل 1973 کو قومی اسمبلی سے منظور ہونے والا 1973 کا آئین پاکستان کے عوام کی امنگوں اور خواہشات کا ترجمان ہے، 1973 کا آئین قائداعظم محمد علی جناح اور حضرت علامہ اقبال سمیت بانیان پاکستان کی بصیرت کا عکس ہے

پاکستان کے دستور میں درج ہے کہ حاکمیت اعلیٰ صرف اللہ تعالیٰ کی ہے، آئین کے دیے ہوئے اس اختیار کو پاکستان کے عوام اپنے منتخب نمائندوں کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی متعین کردہ حدود کے اندر رہ کر استعمال کریں گے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ قوم آج 1973 کے آئین کی گولڈن جوبلی منا رہی ہے، آئین بنانے والوں کو سیاسی دور اندیشی پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر وزیراعظم شہباز شریف نے لکھا کہ قوم آج 1973 کے آئین کی گولڈن جوبلی منا رہی ہے، ایک ایسی مقدس دستاویز جس نے 50 برس میں کئی طوفانوں کا مقابلہ کیا، آئین کی مقدس دستاویز نے وفاق کو ایک ساتھ تھام رکھا ہے۔ میاں شہباز شریف کا کہنا تھا کہ آئین (بقیہ نمبر 5)



اسلام آباد: آصف زرداری کا شہباز شریف کو اپوزیشن سے غیر مشروط مذاکرات کا مشورہ

سینیٹ اجلاس میں قومی اسمبلی اور چاروں صوبوں میں ایک ساتھ انتخابات کرانے کی قرارداد منظور

اسلام آباد (نامہ نگار) سینیٹ کے اجلاس میں تمام اسمبلیوں کے انتخابات ایک (بقیہ نمبر 6)

ماہ رمضان میں صارفین کو بلاتعطل بجلی فراہم کی جا رہی ہے

آئیسکو افسران و عملے کی کارکردگی کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، ڈاکٹر محمد امجد خان

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیف ایگزیکٹو آئیسکو ڈاکٹر محمد امجد خان نے کہا ہے کہ الحمدللہ آئیسکو نے ماہ رمضان کے دوران معزز صارفین سے بجلی کی بلاتعطل فراہمی خصوصاً سحر و افطار کے اوقات میں جو وعدہ کیا تھا اسے سو فیصد پورا کیا جا رہا ہے۔ اچھی مانیٹرنگ اور الرٹ آپریشن فارمیشنز کے (بقیہ نمبر 7)

اسلام آباد: پالیمنٹ کا مشترکہ اجلاس، ملک میں بیک وقت انتخابات کرانے کی قرارداد منظور

صوبوں اور وفاق میں بیک وقت الیکشن کروانے کی قرارداد منظور

ایوان نے قرارداد متفقہ طور پر منظور کر لی، پی ٹی آئی کے سینیٹرز پہلے ہی واک آؤٹ کر گئے تھے، اپوزیشن کی کرسی پر سینیٹر مشتاق احمد موجود رہے

دوسری جانب سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کارخانہ جات ترمیمی بل 2023 پیش کیا جس پر وزیر مملکت شہادت اعوان نے کہا میری درخواست ہے

اسلام آباد (خبر نگار) چیئرمین صادق سنجرانی کی زیر صدارت سینیٹ کا اجلاس ہوا، سینیٹر طاہر بزنجو نے صوبوں اور وفاق میں بیک وقت الیکشن کروانے کی قرارداد ایوان میں پیش کر دی۔ ایوان نے قرارداد متفقہ طور پر منظور کر لی، پی ٹی آئی کے سینیٹرز پہلے ہی واک آؤٹ کر گئے تھے، اپوزیشن کی (بقیہ نمبر 13)

قومی اسمبلی میں آئین پاکستان کی گولڈن جوبلی کی قرارداد منظور

قرارداد میں 10 اپریل کو یوم دستور منانے کا اعلان کیا گیا ہے، یوم دستور ہر سال ملک بھر میں منایا جائے گا

انہوں نے کہا کہ جب حکومت سنبھالی تو حالات کی سنگینی کا اندازہ نہیں تھا، مشکلات اور چیلنجز اس میں کوئی شک نہیں

اسلام آباد (نامہ نگار) قومی اسمبلی نے آئین پاکستان کی گولڈن جوبلی پر قرارداد متفقہ طور پر منظور کر لی، قرارداد میں 10 اپریل کو یوم دستور منانے کا اعلان کیا گیا ہے جو ہر سال ملک بھر میں منایا جائے گا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ایوان میں آئین پاکستان کی گولڈن جوبلی پر خصوصی (بقیہ نمبر 8)

لاہور ہائیکورٹ: حکومت سے 1947 سے 2001 تک کا توشہ خانہ کا مکمل ریکارڈ طلب

جسٹس محمد رضا قریشی نے ریمارکس دیئے کہ وفاقی حکومت کی اپیل سے کیا ایسے نہیں لگتا کہ جو ہے وہ بھی لٹانے آ گئے ہیں

حکومت نے توشہ خانہ کے تحائف کا ریکارڈ پبلک کر دیا ہے، اگر تحائف دینے والے سورس کا بتاتے ہیں تو خارجی تعلقات متاثر ہونے کا خدشہ ہے

لاہور (خبر نگار) لاہور ہائی کورٹ نے وفاقی حکومت سے 1947 سے 2001 تک کا توشہ خانہ کا مکمل ریکارڈ طلب کر لیا۔ لاہور ہائی کورٹ میں جسٹس شاہد بلال حسن کی سربراہی میں 2 رکنی بنچ نے توشہ خانہ ریکارڈ پبلک کرنے سے متعلق سنگل بنچ کے فیصلے کیخلاف اپیل پر سماعت کی۔ وفاقی حکومت کے وکیل نے کہا کہ سنگل بنچ نے تحائف دینے والے ممالک کا ریکارڈ پبلک کرنے کا کہا ہے، حکومت نے توشہ خانہ کے تحائف کا ریکارڈ پبلک کر دیا ہے، اگر تحائف دینے والے سورس کا بتاتے ہیں تو خارجی تعلقات متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ جسٹس محمد رضا قریشی نے ریمارکس دیئے کہ وفاقی حکومت کی اپیل سے کیا ایسے نہیں لگتا کہ جو ہے وہ بھی لٹانے آ گئے ہیں، اب تو معاملہ اس سے آگے جانا ہے۔ وکیل اظہر صدیق نے کہا کہ حکومت پھنس رہی تھی اس لئے توشہ خانہ کا (بقیہ نمبر 12)

ملک بھر میں لاکھوں فرزندان اسلام کل اعتکاف بیٹھیں گے

اس سلسلے میں ملک بھر کی مساجد میں اعتکاف بیٹھنے کے لئے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں

لاہور (اسپیشل رپورٹر) ملک بھر میں لاکھوں فرزندان اسلام کل اعتکاف بیٹھنے کی سعادت حاصل کریں گے، اس سلسلہ میں انتظامات مکمل کر لیے گئے۔ رمضان المبارک کے آخری (بقیہ نمبر 14)

اسلام آباد: اسلام آباد: مارگلہ ہلز پر باربی کیو اور سگریٹ نوشی کرنے پر پابندی عائد

افتخار چودھری، ثاقب نثار نے بطور چیف جسٹس آئین کو وائلیٹ کیا، سعید غنی

سعید غنی نے کہا کہ اسی آئین میں لکھا ہے آپ فوج پر بات نہیں کر سکتے، صوبائی وزیر سندھ

کراچی (خصوصی خبر نگار) صوبائی وزیر سندھ سعید غنی نے کہا ہے کہ افتخار چودھری، ثاقب نثار نے جو کچھ چیف جسٹس کے منصب پر بیٹھ کر کیا، انہوں نے آئین کو وائلیٹ کیا۔ صوبائی وزیر (بقیہ نمبر 9)

سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کا یوم شہادت حضرت علیؑ کے حوالے سے موثر سیکورٹی انتظامات

راولپنڈی (اسپیشل رپورٹر) سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کا یوم شہادت حضرت علیؑ کے حوالے سے موثر سیکورٹی انتظامات، راولپنڈی پولیس کے 600 سے زائد پولیس افسران جلوس و مجالس کی سیکورٹی ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیں گے، رمضان کے آخری عشرے میں (بقیہ نمبر 11)

جماعت اسلامی نے، امیدوار برائے ایم پی اے کو ٹکٹ جاری کر دیا

پارٹی ٹکٹ نائب امیر ضلع راولپنڈی راجہ محمد جواد نے حبیب نواز قریشی کے سپرد کیا

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق آمدہ انتخابات کے سلسلے میں جماعت اسلامی نے حلقہ پی پی 9 میں ٹکٹ اپنے امیدوار کو دے دیا۔ جماعت اسلامی پاکستان نے اپنے نامزد امیدوار برائے ایم پی اے پی پی 9 حبیب نواز قریشی کو پارٹی ٹکٹ جاری کر دیا۔ جماعت اسلامی پاکستان ایک (بقیہ نمبر 10)

لاہور: ملک بھر میں لاکھوں فرزندان اسلام کل اعتکاف بیٹھیں گے

حکومت کی عوام دشمن پالیسیوں کے باعث ملک میں مہنگائی تاریخ کی بلندیوں کو چھو رہی ہے، فرخ حبیب

فیصل آباد (خصوصی رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فرخ حبیب نے کہا ہے کہ حکومت کی عوام دشمن پالیسیوں کے باعث ملک میں مہنگائی تاریخ کی بلندیوں کو چھو رہی ہے، (بقیہ نمبر 16)

ملک کے مختلف شہروں میں چینی کی قیمت میں ہوشربا اضافہ

پشاور میں بھی دو ہفتے کے دوران ایک کلو چینی 35 روپے کے اضافے کے بعد 125 روپے کی ہو گئی

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) ملک کے مختلف شہروں میں چینی کی قیمت میں اضافے کا سلسلہ جاری ہے۔ فیصل آباد میں ایک کلو چینی 40 روپے کے اضافے کے بعد 130 سے 140 (بقیہ نمبر 15)

ہمیں آئین کو دل سے لگانا چاہئے، اس میں بہت اچھی چیزیں موجود ہیں، جسٹس قاضی فائز عیسیٰ

وزیراعظم نے 10 اپریل کو دستور کا دن قرار دیا، ہر آدمی اپنی اچھائی سوچتا ہے برائی نہیں، اپنے ادارے کی طرف سے کہنا چاہتا ہوں

2014 سے اس عمارت کا ہمسایہ ہوں، پیدل جاتا ہوں، پیدل آتا ہوں، ہمیشہ سوچا کہ اندر کیا ہوتا ہے، میں چیزیں قانون کے طریقے سے دیکھتا ہوں

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) سپریم کورٹ کے جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے کہا ہے کہ آئین کو 50 سال ہو گئے ہیں اس کو ہمیں دل سے لگانا چاہیے اس میں بہت بہت اچھی چیزیں موجود ہیں۔ پارلیمنٹ کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے جسٹس قاضی فائز عیسی نے کہا ہے کہ 2014 (بقیہ نمبر 20)



اسلام آباد: خیبرپختونخوا انتخابات کے لیے دائر تحریک انصاف کی درخواست پر اعتراض عائد

عمران خان کو پارٹی چیئرمین کے عہدے سے ہٹانے کی درخواست پر فیصلہ محفوظ

لاہور (اسپیشل رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کو پارٹی عہدے سے ہٹانے کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کر لیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد بلال حسن کی سربراہی میں لارجر بینچ نے عمران خان کو پارٹی عہدے سے (بقیہ نمبر 19)

نارووال، فوڈ کنٹرولر کی زیر نگرانی ڈسٹری بیوشن پوائنٹ پر مفت آٹے کی بروقت فراہمی جاری

نارووال (خبر نگار) اسٹنٹ فوڈ کنٹرولر عیش بہادر خاں نے کہا ہے کہ ڈپٹی کمشنر نارووال کی ہدایت اور ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر شاہنواز چوہان کی زیر نگرانی محکمہ فوڈ کی ٹیمیں ڈسٹری بیوشن (بقیہ نمبر 22)

ملک کی موجودہ صورتحال پرنٹ میڈیا انڈسٹری کیلئے APRNS امید کی آخری کرن ہیں

اخبارات کو معاشی بحران سے APRNS نکال سکتی ہے، صدر نیشنل پریس کلب کراچی

مرکزی صدر جی ایم جٹ ہزاروں اخبارات کے بقا اور لاکھوں ملازمین کی معاشی جنگ لڑ رہے ہیں

کراچی (سٹاف رپورٹر) اخبارات کو معاشی بحران سے APRNS ہی نکال سکتی ہے یہ بات اپنے ایک بیان میں صدر نیشنل پریس کلب محمد افضل وارثی نے کہی مزید یہ کہ ملک کی موجودہ سیاسی و معاشی صورتحال کے پیش نظر زوال پذیر پرنٹ میڈیا کی بقا اور لاکھوں صحافیوں اور ملازمین کے معاشی مستقبل کی جنگ لڑ رہی ہے مرکزی صدر جی ایم جیکٹ کی خدمات قابل ستائش ہیں حالیہ لاہور ہائی کورٹ میں APRNS کے صدر کی درخواست پر سماعت بروقت ادا ئیگی نہ ہونیکی وجہ سے لوکل / ریجنل (بقیہ نمبر 18)

بھٹو صاحب کے وقت بھی فل کورٹ بنتا تو آج کسی کو شرمندگی نہ ہوتی، مصدق ملک

جج کو سیاست دان نہیں جج ہونا چاہیے، جسٹس اطہر من اللہ نے کہا عدالت کا کسی طرف سیاسی جھکاؤ نہیں ہونا چاہیے

انہوں نے مزید کہا کہ نواز شریف کو سینکڑوں پیشیوں میں ایک دن بھی چھٹی نہیں ملی، دوسری طرف سینکڑوں ضمانتیں مل رہی ہیں

اسلام آباد (نامہ نگار) وزیر مملکت برائے پٹرولیم ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ بھٹو صاحب کے وقت بھی فل کورٹ بنتا تو نہ ہمیں اور نہ عدلیہ کو آج شرمندگی ہوتی۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ جج کو سیاست دان نہیں جج ہونا چاہیے، جسٹس اطہر من اللہ (بقیہ نمبر 17)

سوئی ناردرن گیس نے بلوں میں اضافی رقم شامل کر دی

اضافی رقم گیس مہنگی خرید نے کے باعث وصول کی جائیگی

فیصل آباد (اسپیشل رپورٹر) سوئی ناردرن گیس نے بلوں میں اضافی رقم شامل کر دی، صارفین کو رواں ماہ 8 سے 115 فی صد تک بقایا جات ادا کرنا ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق جس (بقیہ نمبر 21)

ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کی خصوصی ہدایت، مختلف علاقوں میں دورہ

چکن کی دکانوں، ریسٹورنٹس، جنرل سٹورز، بیکریوں وغیرہ میں مجموعی حفظان صحت کی نگرانی کی

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کی ہدایت اور عوامی شکایات کے ازالے کیلئے اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ کا اپنے دائرہ اختیار کے حائل مختلف علاقوں میں دورہ، اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ نے قیمتوں کی جانچ کی اور پھلوں / سبزیوں، گوشت / چکن کی دکانوں، ریسٹورنٹس، جنرل سٹورز، بیکریوں وغیرہ میں مجموعی حفظان صحت کی نگرانی کی، اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ نے خلاف ورزی (بقیہ نمبر 23)

آئین پاکستان کے اہم حصوں اور تاریخ کو تعلیمی نصاب میں شامل کیا جائے گا، وفاقی وزیر تعلیم

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وفاقی وزیر تعلیم رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ شہریوں کو پاکستان کے آئین سے متعلق مکمل آگاہی فراہم کرنے کی ضرورت ہے، اس ضمن میں آئین کے (بقیہ نمبر 25)

شہباز شریف نے توہین عدالت کی تو کٹہرے میں ہوں گے، شاہ محمود قریشی

پی ٹی آئی دور میں مہنگائی 13 فیصد اور اب 35 فیصد سے بھی زیادہ ہو گئی ہے

موجودہ حکومت ہر محاذ پر ناکام ہو چکی ہے،، وائس چیئرمین تحریک انصاف

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) وائس چیئرمین تحریک انصاف شاہ محمود قریشی کا کہنا ہے کہ ایک سال میں پی ڈی ایم حکومت کی کارکردگی قوم کے سامنے عیاں ہو چکی ہے، موجودہ حکومت ہر محاذ پر ناکام ہو گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق شاہ محمود قریشی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہباز (بقیہ نمبر 26)

مورگاہ مسلم لیگ ن کے رہنماؤں کے اعزاز میں افطار ڈنر کا اہتمام

افطار ڈنر میں قمر اسلام راجہ، جمشید خان، چوہدری آصف علی، دیگر کی شرکت

ملک عالم بیگ، افطار سے قبل ملک کی سلامتی کیلئے خصوصی دعا کی گئی

راولپنڈی (عبدالرحمان) مورگاہ کوٹھہ کلاں پی پی 13 مسلم لیگ ن کے زیر انتظام افطار ڈنر مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنماؤں، قمر اسلام راجہ، جمشید خان، چوہدری آصف علی ایڈووکیٹ، مفتی سراج درانی، چوہدری جاوید اختر،، و دیگر نے شرکت کی، مسلم لیگ)ن((مورگاہ راجہ غفار کے (بقیہ نمبر 24)

عمران خان کا ایس ایچ او عامر شہزاد کی دل کا دورہ پڑنے سے موت کی تحقیقات کا مطالبہ

لاہور (سٹی رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان نے ایس ایچ او عامر شہزاد کی دل کا دورہ پڑنے سے موت کی باضابطہ تحقیقات کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایس ایچ او عامر شہزاد نے وزیرآباد میں مجھ پر قاتلانہ حملے (بقیہ نمبر 28)

امریکی سازش، عمران خان کے الزامات پر سابق پاکستانی سفیر حسین حقانی کا ردعمل

مجھے کسی نے ہائر کیا نہ میں اپنی رائے دینے کے سوا کوئی کام کرتا ہوں، حسین حقانی

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان کے الزامات پر سابق پاکستانی سفیر حسین حقانی کا ردعمل آ گیا۔ پاکستان کے سابق سفیر حسین حقانی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر ٹویٹ کرتے کہا کہ امریکی اتنے بھولے ہیں کہ عمران خان کی حکومت کے خلاف مجھے ہائر کریں گے۔ اپنے ردعمل میں انہوں نے کہا کہ بیچارے! ان کی حکومت نے اپنے خلاف ہی سازش کے لیے 'ہائر' کر لیا اور انہیں خبر بھی نہ ہوئی۔ ادھر امریکی بھی اتنے بھولے ہیں کہ میری باتوں میں (بقیہ نمبر 27)

ڈی جی RDA کی جانب سے شہری حدود کی تعین کیلئے اہم اجلاس

موٹ میکڈونلڈ پاکستان کمپنی کے کنسلٹنٹ نے پیری اربن سٹرکچر کے تجاویز بارے میں تفصیلی پریزنٹیشن دی

شہریوں کی شرکت کنسلٹنٹ اور آرڈی اے افسران نے پیری اربن بارے سوالات کے جوابات بھی دیئے

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر جنرل راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی محمد سیف انور جپہ کی ہدایت پر آرڈی اے کی جانب سے پیری اربن سٹرکچر پلان و سائیڈ ڈویلپمنٹ زون شہری حدود کے نئے تعین کے متعلق آگہی دینے کے لیے تحصیل آفس گوجر خان میں اجلاس منعقد کیا گیا جس میں اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان میاں مراد حسین نیکو کارہ، راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے ڈائریکٹر میٹرو پولیٹن اینڈ ٹریفک انجینئرنگ محمد طاہر میو، ڈائریکٹر لینڈ آرڈی اے غضنفر علی اعوان، ڈپٹی ڈائریکٹر (بقیہ نمبر 30)

71 لاکھ 90 ہزار ڈالر مالیت کے اسمارٹ فونز کی غیر قانونی درآمد کا انکشاف

فیصل آباد (جنرل رپورٹر) ملک میں 71 لاکھ 90 ہزار ڈالر مالیت کے موبائل فون لیٹر آف کریڈٹ (ایل سیز) کھولے یا بینکنگ چینل کو استعمال کیے بغیر غیر قانونی طور پر درآمد کیے گئے ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ایف بی آر کے ایک سینئر عہدیدار نے بتایا کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان (بقیہ نمبر 29)

اسلام آباد: ملک میں جاری جمہوری و آئینی بحران سے نکلنے کا واحد حل مذاکرات ہیں: بلاول بھٹو

روزنامہ عوامی للکار کی خبر پر اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان میاں مراد حسین نیکو کارہ کا نوٹس

عوامی سروے پر گراں فروشوں کی نشاندہی، متعدد گراں فروشوں کو جرمانے اور مقدمہ درج

اے سی گوجر خان کا فی الفور عوامی شکایات کی بنا پر بازار کا وزٹ، گراں فروشوں کے خلاف کاروائیاں

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق گوجر خان میں ماہ صیام میں سبزی فروٹ فروشوں کی جانب سے خود ساختہ مہنگائی کرنے اور آئے دن ریٹ لسٹ سے دوگنے ریٹس پر سبزی فروٹس فروخت ہونے کی بنا پر عوامی للکار کی خبر پر اے سی گوجر خان نے فی الفور ایکشن لیتے ہوئے بذات خود بازار کا وزٹ کرتے ہوئے گراں فروشی کے مرتکب دکانداروں کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے ریٹ لسٹ سے زائد نرخ پر سبزی فروٹ فروخت کرنے والے متعدد دکانداروں کو جرمانے کیے جبکہ ایک پھل فروش تھانہ گوجر خان کے حوالے کر کے مقدمہ درج کروا دیا عوامی سروے میں شہریوں نے دکانداروں کی جانب سے ریٹ لسٹ سے تجاوز کر کے ناجائز منافع خوری کر کے لوٹ مار کا بازار گرم کرنے سبزی فروٹ فروخت کرنے کی شکایات کی گئیں دیہاڑی دار طبقے نے کہا کہ سبزی فروٹس ان کی پہنچ سے دور ہو چکا ہے انتظامیہ ریٹ لسٹ پر عمل درآمد کروائے دکاندار ریٹ لسٹ سے دوگنے داموں سبزی فروٹس کی فروخت دھڑلے سے کر رہے ہیں اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان میاں مراد حسین نیکو کارہ نے ان خبروں پر نوٹس لیتے ہوئے کریک ڈاون کیا اور دکانداروں کو تنبیہ کرتے (بقیہ نمبر 31)

اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان میاں مراد حسین بازار کا دورہ کر رہے ہیں

ABC عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

دہشت گردی کا خاتمہ اولین ترجیح

قومی سلامتی کمیٹی نے ملک کو دہشت گردی کی لعنت سے پاک کرنے کے لیے ہمہ جہت جامع آپریشن شروع کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت قومی سلامتی کمیٹی کا 41واں اجلاس وزیراعظم ہاس میں ہوا جس میں وفاقی وزرا، چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی، سروسز چیفس اور متعلقہ اداروں کے اعلی حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں جامع قومی سلامتی پر زور دیا گیا اور عوام کے لیے آسانی کو مرکزی حیثیت قرار دیا گیا۔ اجلاس میں دہشت گردی کے خاتمے کے لیے مربوط کوششوں کے تناظر میں ایک اعلی سطح کی کمیٹی بھی تشکیل دی گئی جو دو ہفتوں میں اس کی حدود و قیود اور عملدرآمد سے متعلق سفارشات پیش کرے گی۔ قومی سلامتی کمیٹی نے دہشت گردی کی حالیہ لہر کو کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کے لیے نرم گوشہ رکھنے اور بغیر سوچ سمجھے عوامی توقعات اور خواہشات کے منافی پالیسی اپنانے کا نتیجہ قرار دیا جس کی وجہ سے شدت پسندوں کو بلا رکاوٹ واپس آنے کا راستہ مل گیا اور ساتھ ہی ساتھ ٹی ٹی پی کے خطرناک دہشت گردوں کو اعتماد سازی کے نام پر جیلوں سے بھی رہا کر دیا گیا جس کی وجہ سے امن و استحکام منتشر ہو گیا۔ اجلاس میں مطلوب دہشت گرد کی گرفتاری پر وزیراعظم نے ڈی جی آئی ایس آئی کو سراہا، بتایا گیا کہ انتہائی مطلوب دہشت گرد گلزار امام عرف شمبے دہشت گرد بلوچ نیشنل آرمی اور براس کا بانی و رہنما ہے اور ایک عرصے سے مختلف دہشت گردی کی کارروائیوں میں ملوث تھا۔ پاکستان سے ہر طرح اور ہر قسم کی دہشت گردی کے ناسور کے خاتمے کے لیے اِس ہمہ جہت اور جامع آپریشن میں سیاسی، سفارتی سکیورٹی، معاشی اور سماجی سطح پر بھی کوششیں کی جائیں گی۔ اِس میں کوئی شک نہیں کہ پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بڑی قربانیاں دی ہیں، ہزاروں جوان شہید، لاکھوں معذور ہو گئے، اربوں روپے کا انفراسٹرکچر تباہ ہو گیا۔ آج بھی دہشت گردی کے خلاف جنگ پر اربوں روپے خرچ کیے جا رہے ہیں، ایسے میں کسی کو بھی اجازت نہیں دی جا سکتی کہ وہ دہشت گردی سے صرف نظر کرے۔ قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس نے واضح طور پر یہ طے کر دیا ہے کہ دہشت گردی سے نبٹنا پاکستان کی پہلی ترجیح ہے اور اس معاملے میں جو بھی کرنا پڑا وہ کیا جائے گا۔ المیہ تو یہ ہے کہ دہشت گردی کے ساتھ ساتھ ملک کو اِس وقت معاشی اور سیاسی بحران کا بھی سامنا ہے اور اب تو حکومت اور عدلیہ کے درمیان ایک نیا محاذ کھلتا نظر آ رہا ہے حالانکہ یہ وقت تقسیم ہونے کا، الگ الگ دھڑے بنانے کا نہیں ہے بلکہ ایک ہونے کا ہے، صرف دہشت گردی سے نبٹنے کے لیے ہی نہیں بلکہ ملک کے تمام مسائل کا حل اِسی میں ہے کہ سب مل جل کر ملک کی بہتری کے لیے کام کریں، کسی بھی مسئلے پر متعلقہ سٹیک ہولڈرز مل بیٹھ کر حل نکال سکتے ہیں، سیاستدان بھی سیاسی مسائل کا حل بات چیت کے ذریعے نکال سکتے ہیں۔ تمام سیاستدان انفرادی سطح پر تو اِس بات کو مانتے ہیں، اس کی تائید بھی کرتے ہیں کہ معاملات سلجھانے کے لیے بات چیت کرنا ضروری ہے لیکن جب بات اِس کو عملی شکل دینے، اجتماعی طور پر کرنے کی آتی ہے تو سب کنی کترانے لگتے ہیں۔ ابھی پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کی کور کمیٹی کے حالیہ اجلاس میں بھی زور دیا گیا کہ مذاکرات کے دروازے بند کرنا کسی مسئلے کا حل نہیں ہوتا۔ زرداری ہاس اسلام آباد میں پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز (پی پی پی) کے صدر آصف علی زرداری اور چیئرمین پی پی پی بلاول بھٹو زرداری کی مشترکہ قیادت میں ہونے والے اجلاس کے بعد پی پی پی کے سیکرٹری جنرل فرحت اللہ بابر نے کہا کہ اِس مقصد کے لیے پارٹی نے فیصلہ کیا ہے کہ اتحادی حکومت میں شامل تمام پارٹیوں سے رابطہ کر کے مذاکرات کے لیے ایک مشترکہ موقف اختیار کیا جائے۔ پی پی کے مطابق موجودہ بحران کی متعدد وجوہات ہیں جن میں سے ایک یہ بھی ہے کہ عدالت کے اقلیتی فیصلے کو اکثریتی فیصلے پر فوقیت دینے پر اصرار کیا جا رہا ہے، اِس موقف کا قانونی، اخلاقی اور سیاسی طور پر کوئی جواز نہیں اور اِس پر نظر ثانی کی جانی چاہئے۔ یہ بات اشد ضروری ہے کہ عدلیہ کی ساکھ اور عزت کو زک پہنچانے کی اجازت نہیں دی جانی چاہئے، اس لیے ضروری ہے کہ عدلیہ کے متضاد فیصلوں کے مسئلے کو فوری طور پر حل کیا جائے، پیپلز پارٹی اِس بات پر یقین رکھتی ہے کہ آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کے لیے تمام اسمبلیوں کے انتخابات ایک ہی دن کرائے جائیں جیسا کہ آئین میں کہا گیا ہے اور عام انتخابات کی تاریخ میں کسی قسم کی تاخیر سے گریز کیا جائے۔ اِس ساری صورت حال میں خوش آئند بات یہ ہے کہ پیپلز پارٹی اور دوسری تمام سیاسی جماعتیں ایک روز انتخابات پر متفق ہیں، جماعت اسلامی نے چند روز قبل ہی انتخابات ایک وقت پر کرائے جانے کی خواہش کی توثیق کی ہے جبکہ پاکستان تحریک انصاف بھی اپنے فوری انتخابات کرانے کی ضد سے پیچھے ہٹتے ہوئے اِس بات کا اظہار کر چکی ہے کہ اگر پورے ملک میں انتخابات ایک ہی وقت پر ہوں تو اسے بھی کوئی اعتراض نہیں ہے۔ اب اگر امید کی چھوٹی سی کرن جاگی ہے اور سیاسی جماعتوں کی طرف سے ایک موقف پر آمادگی نظر آ رہی ہے تو سب کو ایک میز پر بیٹھ جانا چاہئے، مسائل کا حل نکالنا چاہئے، اگر کسی بھی سیاسی جماعت کو کوئی اعتراض ہے، کوئی شکوہ ہے، شکایت ہے تو اسے جمہوری طریقے سے دور کر لے، سیاسی کھیل میں ہٹ دھری اور ضد کی گنجائش کم ہی ہوتی ہے۔ اب جب تحریک انصاف نے ذرا سی لچک کا مظاہرہ کیا ہے تو مسلم لیگ (ن) اور جمعیت علمائے اسلام بھی سخت موقف اپنانے سے گریز کرے۔ انتخابات بالآخر ہونے ہیں، بہتر یہی ہے کہ انہیں ہر طریقے سے شفاف بنایا جائے، تمام سٹیک ہولڈرز کی رضامندی اور آمادگی اس میں شامل ہوتا کہ مستقبل میں کوئی سوال نہ اٹھایا جا سکے۔ اندرونی چپقلشوں کا فائدہ بیرونی عناصر اٹھاتے ہیں، دشمن ہر وقت اِس طاق میں ہے کہ کب اسے موقع ملے اور وہ نشانہ لگائے۔ یہ بات تو طے ہے کہ دہشت گردی سمیت ہر مسئلے کے حل کے لیے مل جل کر کوششیں کرنا ہوں گی، قومی سلامتی کمیٹی کے مطابق حکومت اور قوم کو مل کر اس ہمہ جہت آپریشن میں حصہ لینا ہے اور اِسے کامیاب بنانا ہے۔

سٹوریج

ہم جب بھی لفظ سٹوریج سنتے ہیں تو ہمارے مائنڈ میں ایک ہی چیز آتی ہے اور وہ ہے موبائل کی سٹوریج، جو ہم اس کی سٹوریج فل ہونے پر موبائل سے ایکسٹرا چیزیں ڈیلیٹ کر دیتے ہیں۔ اسی طرح ایک سٹوریج ہماری بھی ہوتی ہے

ازقلم اقصیٰ عباسی پھلہ ایبٹ آباد،

جو ہمارے مائنڈ میں فٹ ہوتی ہے.

اور جس طرح موبائل کی سٹوریج فل ہو جاتی ہے اور موبائل ہینگ ہونا سٹارٹ ہو جاتا ہے اور اس کا سسٹم بھی صحیح کام نہیں کرتا جب تک ایکسٹرا چیزیں ڈیلیٹ نا کریں تو اسی طرح ہمارے مائنڈ میں جو سٹوریج ہے نا وہ بھی فل ہو جاتی ہے کچھ اچھی چیزوں سے اور کچھ بری چیزوں سے جب بہت ذیادہ غبار جمع ہو جاتا ہے ہمارے دماغ میں ، تو ہم ہر چیز سے غافل ہو جاتے ہیں اللہ سے دوری ہو جاتی ہے ہر طرف بے سکونی پھیل جاتی ہے اور ہم مثبت نہیں سوچ سکتے ہر کسی کے لیے نگیٹیو باتیں دماغ میں لاتے رہتے ہیں اور اس سے نقصان کس کو ہوتا ہے؟ خود ہماری ذات کو، ایک تو ہم بے سکون ہو جاتے ہیں اور دوسرا قرب الہی سے بھی محروم ہو جاتے ہیں اپنی زنگ آلود سٹوریج کی وجہ سے۔

اللہ پاک نے ہمیں اپنے دو راستے دیکھائے ہیں ایک نیکی کا اور ایک بدی کا۔ اب یہ ہم تک ہے کہ ہم اپنے مائنڈ کو کس طرف لے کہ جاتے ہیں اپنی مائنڈ کو کس چیز سے سٹور کرتے ہیں نیکیوں سے یا بدیوں سے؟

میں خود اپنے آس پاس ایسے بہت سے لوگ پاتی ہوں جنہوں نے اپنے دماغ کو نیگیٹو چیزوں سے سٹور کیا ہوا ہے اور پتا ہے اس کا کیا نقصان ہے؟

جب وہ جھوٹ بولتے ہیں تو بھول جاتے ہیں کہ ہم نے کس سے کون سی بات کی تھی کیوں کے ان کے دماغ تو پہلے ہی زنگ آلود ہو چکے ہوتے ہیں۔

اور یاداشت کا کمزور ہونا بھی گناہوں کے سبب ہے جب ہم بہت زیادہ گنہگار ہو جاتے ہیں تو ہمارا دماغ کمزور ہو جاتا ہے اس کی مثال ان لوگوں جیسی ہو جاتی ہے جن کو قرآن اندھا، بہرا اور گونگا کہتا ہے یعنی وہ سب لوگ عقل رکھنے کے باوجود ہر چیز سے بے خبر ہیں اندھے ہیں بہرے گونگے بنے ہوئے ہیں۔

ہمیں چاہیے کہ ہم اپنے دماغ کی ایکسٹرا سٹوریج کو ڈیلیٹ کریں اور پازیٹیو چیزیں اس میں سٹور کریں۔ خود کو دنیا کے لیے ایک مثال بنائیں اچھی یادیں چھوڑ کہ جائیں تا کہ جب آپ اس دنیا کو چھوڑیں تو لوگ آپ کو اچھے الفاظ میں یاد کریں۔

اللہ پاک ہم۔ سب سے راضی ہو اور ہمیں جنت کے وارثین میں شامل کرے آمین اللہ پاک ہم سب کا حامی و ناصر ہو آمین ثم آمین۔

بائیس افسروں پر اعتراض، مگر کیوں؟

جمہوری نظام میں تین اداروں کو ریاستی ستون قرار دیا گیا، مقننہ کے بغیر اگر ریاست ادھوری ہے تو عدلیہ کے بغیر ریاست کا تصور ممکن نہیں اور انتظامیہ کے بغیر کسی حکومت کا کامیابی سے برسر اقتدار رہنا نا ممکن، یہ بیوروکریسی ہے جو عدالتی احکامات پر عملدرآمد یقینی بناتی ہے، حکومت کے عمال کی حیثیت سے ہر پل ہر گھڑی میدان عمل میں رہتی ہے، حکومتی فیصلوں کے مطابق ریاستی امور کو چلاتی ہے، برسر اقتدار سیاسی جماعت کے منشور کے مطابق معاملات آگے بڑھاتی ہے، حکومتی پالیسیوں کو عملی

محسن گواریہ

شکل دیتی ہے۔ یہی ادارہ ریاستی قوانین پر عملدرآمد یقینی بناتا ہے، جن سے عوام کو براہ راست ریلیف ملتا ہے، یہی ادارہ ظالم کا ہاتھ روکتا اور مظلوم کو عدالتی حکم پر تحفظ دیتا ہے، یہ بیوروکریسی ہے جو آئین، قانون، قاعدے، ضابطے سے نابلد وزرا کو حکمرانی کا ڈھنگ سکھاتی ہے، جو بنیادی انسانی حقوق کی نگہبان اور عوام کو ضروریات زندگی کی اشیا کی فراہمی کا بیڑہ بھی اٹھائے ہوئے ہے، ریاست پاکستان کے یہ ملازم کسی سیاسی جماعت کے کارکن نہیں مگر سیاسی جماعتوں نے بیوروکریسی کو دوست دشمن میں تقسیم کرنے کی ہمیشہ کوشش کی ہے، یہ افسر میرا یہ تیرا، یہ فلاں کا وفادار یہ فلاں کا دوست، جیسے عدلیہ کو تقسیم کر کے جج صاحبان کو جانبدار ظاہر کیا جا رہا ہے ایسے ہی بیوروکریٹس کو بھی ریاست کے بجائے حکمرانوں کا وفادار بنا کر پیش کیا جاتا ہے جو اس ادارے کی بنیادیں ہلانے کے مترادف ہے، جو ادارہ انتظامیہ کہلاتا ہے اور جس نے ریاست کے انتظام و انصرام کو سنبھالنا ہے اسے متنازع بنا کر تقسیم کر کے کیسی انتظامیہ کی خواہش کی جا رہی ہے، ریاست کی یہ کیسی خدمت ہے؟ دوسری طرف بیورو کریسی بھی ان حالات کی کچھ ذمہ دار ہے، بہت ہو چکا اب ضرورت ہے کہ وہ اپنا مثبت چہرہ سامنے لائے اور غیر جانبداری سے امور ریاست کی انجام دہی کرے، منتخب حکومت کی پالیسیوں پر عملدرآمد بیوروکریسی کی ذمہ داری، لیکن قاعدہ قانون کو ملحوظ رکھنا بھی ان ہی کے ذمہ ہے، یہ وہ نازک مرحلہ ہے جہاں بیوروکریسی کے بڑوں کو سر جوڑ کر بیٹھنا ہو گا خود کو غیر جانبدار اور ضابطے کا پابند بنا کر تیرا میرا کے لگے ٹھپے کو مٹانا ہو گا، حکومت کسی کی بھی ہو جمہوریت یا آمریت، سول یا فوجی، پیپلز پارٹی یا مسلم لیگ ن، تحریک انصاف یا کسی اور کی، بیوروکریسی کو سب کے ساتھ مل کر کام کرنا اور چلنا ہے لیکن سروس یا ادارہ کی توہین کی قیمت پر ایسا نہیں ہونا چاہئے، کسی بھی غیر آئینی حکم کی بجا آوری سے انکار ممکن ہے وقتی نقصان یا عتاب کا شکار ہونا پڑے مگر مورخ کی نظر میں یہ کارنامہ ہو گا، وقت کی حکومت اور اپوزیشن بھی بیوروکریسی کو اعتماد دے، انتظامی ادارہ کو بہتر بنانے کے لئے اپنا آئینی کردار ادا کریں ورنہ اچھی حکمرانی کو بھول جائیں، سیاست اپنی اپنی مگر بیوروکریسی سب کا اثاثہ ہے، اس لئے بیوروکریسی سب کی ہونی چاہئے۔ ان دنوں پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس، پروونشل مینجمنٹ سروس اور پولیس سروس آف پاکستان کے بائیس افسران کی ایک لسٹ زیر بحث ہے، انتظامی افسروں کا مذاق اڑایا جا رہا ہے، ایسی لسٹیں نہیں آنی چاہئیں، پاکستان تحریک انصاف کا کہنا ہے کہ یہ افسران ان کے نزدیک متنازعہ حیثیت رکھتے ہیں اس لئے پنجاب اسمبلی کے ہونے والے آئندہ انتخابات کے تناظر میں ان افسروں کو پنجاب میں پوسٹ نہ کیا جائے۔ یہ لسٹ دیکھنے کے بعد حیرت ہوتی ہے کہ جس نے بھی یہ لسٹ مرتب کی ہے اس نے شائد کسی ذاتی عناد کی بنیاد پر یہ نام دیے ہیں۔ ان افسروں کی اکثریت نے تمام حکومتوں کے ساتھ کام کیا ہے خصوصی طور پر پی ٹی آئی کی سابقہ پنجاب اور وفاقی حکومت میں بھی ان افسروں کی غالب اکثریت نے کام کیا اور اگر یہ افسر متنازعہ تھے تو انہیں پی ٹی آئی نے اپنے دور حکومت میں اہم پوسٹوں پر کیوں تعینات کیا؟ اگر ان افسروں کا سروس ریکارڈ سامنے لایا جائے تو پی ٹی آئی ان کو متنازعہ کہنے والے اپنے موقف کو جسٹی فائی نہیں کر سکیں گے۔ ان میں سے کچھ افسر تو پی ٹی آئی حکومت کے بہت چہیتے تھے اور اس وقت کے وزیراعظم عمران خان اور وزیراعلیٰ عثمان بزدار انہیں نہ صرف پسند کرتے تھے بلکہ ان کے کام کی تعریف کیا کرتے تھے۔ بائیس افسروں کی اس لسٹ میں ریاست مدینہ کے اصولوں پر کاربند اور فرشتہ تو شائد کوئی بھی نہیں مگر ایسا بھی کوئی نہیں جس کی محنت اور لیاقت پر کوئی شک کیا جا سکے یا اسے سکہ بند، جانبدار کہا جا سکے۔ یہ افسر اگر ہر دور میں نظر آتے ہیں تو ان کے پیچھے کوئی سیاستدان، پارٹی یا کوئی اور نہیں ان کی محنت، لگن اور کام ہوتا ہے۔ اس فہرست میں موجودہ گورنر کے سیکرٹری نبیل اعوان کا نام سرفہرست ہے، جو پی ٹی آئی کے دور میں پنجاب کے بہترین سیکرٹری صحت تھے، کیپٹن عثمان یونس پی ٹی آئی کے دور میں سیکرٹری صحت رہنے کے علاوہ لاہور کے کمشنر رہے اور اگر یہ مسلم لیگ ن کے چہیتے ہوتے تو انہیں چیف کمشنر اسلام آباد کے عہدے سے ہٹایا جاتا نہ اب تک پنجاب میں او ایس ڈی رکھا جاتا، عمر شیر چٹھہ وزیراعظم عمران خان کے ضلع میانوالی کے ڈپٹی کمشنر تھے اور انہیں اچھی کارکردگی کی بنا پر صوبائی دارالحکومت لاہور کا ڈپٹی کمشنر بنایا گیا، سمیر احمد سید، بزدار دور حکومت میں ڈی جی ایل ڈی اے اور کئی دوسری اہم پوسٹوں پر نہایت اچھی پرفارمنس دیتے رہے، محمد علی رندھاوا انتہائی اپ رائٹ اور محنتی افسر ہیں، اجمل بھٹی کو پنجاب میں انرجی جیسے اہم محکمہ کا سیکرٹری لگایا گیا اور انہوں نے سیکرٹری صحت جنوبی پنجاب بھی اچھا کام کیا وہ اس وقت کی وزیر صحت ڈاکٹر یاسمین راشد کی گڈ بکس میں تھے، احمد رضا سرور کی قابلیت اور محنت پر کوئی شک ہی نہیں کر سکتا وہ پی ٹی آئی دور میں مختلف محکموں کے اچھے سیکرٹری رہے۔ عامر کریم خان اڑھائی سال تک پی ٹی آئی کے وزیراعلیٰ بزدار کے ساتھ تعینات رہے اور بعد ازاں انہیں ساڑھے آٹھ ماہ تک ڈپٹی کمشنر ملتان لگایا گیا، حیرت کی بات ہے۔

بابائے پبلک ریلیشنز مراتب علی شیخ مرحوم

مراتب علی شیخ کا شمار شعبہ پبلک ریلیشنز کے ابتدائی ماہرین میں ہوتا ہے۔ وہ 23 جنوری 1934 کو نارووال کے ایک مذہبی گھرانے میں پیدا ہوئے، ان کے والد منصب علی شیخ ہندوستان کے شہر شملہ کے ایک بنک میں ملازم تھے، کمسنی میں ہی آپ کے والد کا انتقال ہو گیا، آپ نے ابتدائی تعلیم نارووال اور سیالکوٹ کے تعلیمی اداروں میں حاصل کی، گریجویشن کا امتحان پاس کرنے کے بعد آپ لاہور تشریف لے آئے اور پنجاب یونیورسٹی کے شعبہ ماس کمیونی کیشن سے ماسٹر ڈگری حاصل

محمد اسلم لودھی

کی، پھر پنجاب پبلک سروس کمیشن کا امتحان نمایاں پوزیشن میں پاس کر کے 1968 میں آپ محکمہ تعلقات عامہ پنجاب میں پبلک ریلیشنز آفیسر کے عہدے پر تعینات ہوئے۔ تقریباً 30 سال تک محکمہ تعلقات عامہ میں تعیناتی کے دوران آپ، وزیراعلیٰ پنجاب ملک معراج خالد، نواب صادق حسین قریشی، محمد حنیف رامے، میاں محمد نواز شریف، غلام حیدر وائیں، گورنر پنجاب جنرل ایف ایس لودھی، جنرل سوار خان، جنرل محمد اقبال خان، جنرل غلام جیلانی خان جیسی نامور شخصیات کے ساتھ بطور ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز، فرائض انجام دیتے رہے۔ 1989 میں جب نواز شریف نے پنجاب بنک بنایا تو آپ کو بنک آف پنجاب میں بطور چیف منیجر پبلک ریلیشنز تعینات کر دیا گیا۔ ابتدا میں بنک آف پنجاب کا سٹاک مارکیٹ میں شیئر کا ریٹ 150 روپے سے اوپر تھا، اس میں نواز شریف کی خصوصی توجہ، پہلے چیئرمین تجمل حسین کے ساتھ ساتھ بطور چیف منیجر پبلک ریلیشنز مراتب علی شیخ کی کاوشوں اور مہارتوں کا بھی عمل دخل شامل تھا۔ یہ وہ وقت تھا جب بنک آف پنجاب کے پلیٹ فارم پر برصغیر پاک و ہند کا مقبول ترین معاشی میگزین پاکستان بنکرز سابق وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی جناب شیخ رفیق احمد کی ادارت میں نہ صرف شائع ہوتا بلکہ اس میگزین میں آرٹیکل لکھنے والوں میں پاکستان، بھارت، بنگلہ دیش کے علاوہ یورپ کے معیشت دان بھی شامل تھے۔ تجمل حسین کے بعد ڈاکٹر محمد عارف (فرشتہ صفت بیوروکریٹ) نے بنک آف پنجاب کے چیئرمین کا عہدہ سنبھالا تو انہوں نے بنک آف پنجاب کی ترقی کو چار چاند لگا دیئے۔ 8 نومبر 1994 کو قدرت مجھے (محمد اسلم لودھی) بھی بنک آف پنجاب میں ملازمت کی غرض سے لے گئی، میں جس ریسرچ، پریس اینڈ پبلی کیشنز ڈویژن میں تعینات ہوا۔

اس ڈویژن کے سربراہ ایک ماہر معاشیات، محقق اور کئی کتابوں کے مصنف) ڈاکٹر سید ریاض احمد (تھے۔ مراتب علی شیخ صاحب اسی ڈویژن کا حصہ تھے اور وہ اخبارات اور الیکٹرانکس میڈیا کے معاملات کے انچارج تھے، ان دو عظیم شخصیات کے زیر سایہ میری تحقیقی اور تخلیقی کاوشوں کو توانائی میسر آئی، بنیادی طور پر ہمارے سیکشن کا کام اخبارات و جرائد میں اپنے اور دوسرے بنکوں کے بارے میں خبروں اور تجزیوں پر مشتمل ایک فائل تیار کر کے بنک کے چیئرمین، منیجنگ ڈائریکٹر سمیت تمام جنرل منیجرز کو ہر صبح پیش کرنا ہوتی تھی، ہمارے پاس لاہور سے شائع ہونے والے تمام اخبارات اور جرائد باقاعدگی سے آتے، بلکہ تمام اخبارات کے رپورٹر اور چھوٹے بڑے صحافیوں کا وہاں تانتا لگا رہتا۔ یہاں میں بلاشبہ مراتب علی شیخ صاحب کی قائدانہ صلاحیتوں کا اعتراف کرتا ہوں کہ جو بھی صحافی اور کالم نگار انہیں بنک میں ملنے آتا وہ ان سے میرا تعارف ضرور کرواتے بلکہ اخبارات و جرائد میں کالم اور فیچر لکھنے کا حوصلہ بھی شیخ صاحب نے ہی مجھے دیا تھا۔ میں نے زندگی میں یہ پہلا شخص دیکھا تھا جو اپنے ماتحت کو آگے بڑھنے کا نہ صرف خود راستہ دکھاتا تھا بلکہ کامیابیوں کے زینوں پر انگلی پکڑ کر خود چڑھا کے آتا۔ روزنامہ جرات کے چیف ایڈیٹر جمیل اطہر صاحب سے میری ملاقات شیخ صاحب نے ہی بنک آف پنجاب میں کروائی تھی، بلکہ شیخ صاحب کے کہنے پر انہوں نے مجھے اپنے اخبار روزنامہ جرت میں کالم لکھنے کا حکم بھی دیا تھا، حالانکہ مجھے اس وقت زیادہ روانی سے لکھنا نہیں آتا تھا لیکن قابل احترام جمیل اطہر اور ان کے عظیم بیٹے عرفان اطہر صاحب کی خصوصی شفقت اور رہنمائی کی بدولت نہ صرف میرے کالم کئی سال تک روزنامہ جرت میں شائع ہوتے رہے

بلکہ انہوں نے ذہنی طور پر لکھنے اور تحقیق کرنے کے فن سے بھی مجھے آشنا کر دیا۔ ایک روز پشاور سے شائع ہونے والے اخبار روزنامہ آج کے چیف ایڈیٹر عبدالواحد یوسفی، مراتب علی شیخ صاحب کو ملنے کے لئے بنک آف پنجاب کے ہیڈ آفس میں تشریف لائے تو شیخ صاحب نے بڑھ چڑھ کر ان سے میرا ایسا تعارف کروایا کہ عبدالواحد یوسفی صاحب نے مراتب علی شیخ صاحب کے روبرو مجھے حکم دیا کہ آپ کا کالم روزانہ میرے اخبار میں شائع ہوا کریگا، میں نے کہا میں آپ کے اخبار میں اشاعت کے لئے اپنا کالم کس طرح بھیجوں گا تو انہوں نے اپنے اخبار کے لاہور کے بیورو چیف کی ڈیوٹی لگائی کہ ان کا نمائندہ مجھ سے روزانہ کالم لے بھی جائے گا اور آج اخبار بھی دے جایا کرے گا۔ میں روزنامہ آج پشاور میں تقریباً تین سال تک کالم لکھتا رہا اور وہ روزانہ اخبار میں شائع بھی ہوتے رہے، یہ سب کچھ شیخ صاحب ہی کی بدولت ہوا تھا، میں سمجھتا ہوں مراتب علی شیخ صاحب میرے حقیقی باپ تو نہیں تھے لیکن ان کی شفقت اور محبت کسی بھی طرح باپ سے کم نہ تھی۔ بلکہ انہوں نے ذہنی طور پر لکھنے اور تحقیق کرنے کے فن سے بھی مجھے آشنا کر دیا۔ ایک روز پشاور سے شائع ہونے والے اخبار روزنامہ آج کے چیف ایڈیٹر عبدالواحد یوسفی، مراتب علی شیخ صاحب کو ملنے کے لئے بنک آف پنجاب کے ہیڈ آفس میں تشریف لائے تو شیخ صاحب نے بڑھ چڑھ کر ان سے میرا ایسا تعارف کروایا کہ عبدالواحد یوسفی صاحب نے مراتب علی شیخ صاحب کے روبرو مجھے حکم دیا کہ آپ کا کالم روزانہ میرے اخبار میں شائع ہوا کریگا، میں نے کہا میں آپ کے اخبار میں اشاعت کے لئے اپنا کالم کس طرح بھیجوں گا تو انہوں نے اپنے اخبار کے لاہور کے بیورو چیف کی ڈیوٹی لگائی کہ ان کا نمائندہ مجھ سے روزانہ کالم لے بھی جائے گا اور آج اخبار بھی دے جایا کرے گا۔ میں روزنامہ آج پشاور میں تقریباً تین سال تک کالم لکھتا رہا اور وہ روزانہ اخبار میں شائع بھی ہوتے رہے، یہ سب کچھ شیخ صاحب ہی کی بدولت ہوا تھا، میں سمجھتا ہوں مراتب علی شیخ صاحب میرے حقیقی باپ تو نہیں تھے لیکن ان کی شفقت اور محبت کسی بھی طرح باپ سے کم نہ تھی۔ شیخ صاحب کو میں اپنا روحانی باپ ہی سمجھتا تھا اور اب بھی سمجھتا ہوں، اگر میں بطور میڈیا کوارڈی نیٹر بنک میں 20 سال ملازمت کر کے 2014 میں باعزت طور پر ریٹائر ہوا ہوں تو اس میں شیخ صاحب کی تربیت، رہنمائی اور مہارت کا عمل دخل یقیناً شامل ہے۔ 2001 کو شیخ صاحب بنک سے فارغ ہو گئے اور پنجاب یونیورسٹی میں بطور سنیئر چیف پبلک ریلیشنز آفیسر کی حیثیت سے فرائض انجام دیتے رہے، جب بیماری نے انہیں بے حال کر دیا تو وہ اپنے گھر تک محدود ہو گئے۔ بالآخر 3 اپریل 2004 کو وہ اس فانی دنیا کو چھوڑ کر ہمیشہ ہمیشہ کیلئے اپنے خالق سے جا ملے اور مومن پورہ قبرستان میں ان کی تدفین ہوئی۔ دل سے دعا نکلتی ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں جنت الفردوس میں داخل فرمائے۔ بلکہ انہوں نے ذہنی طور پر لکھنے اور تحقیق کرنے کے فن سے بھی مجھے آشنا کر دیا۔ ایک روز پشاور سے شائع ہونے والے اخبار روزنامہ آج کے چیف ایڈیٹر عبدالواحد یوسفی، مراتب علی شیخ صاحب کو ملنے کے لئے بنک آف پنجاب کے ہیڈ آفس میں تشریف لائے تو شیخ صاحب نے بڑھ چڑھ کر ان سے میرا ایسا تعارف کروایا کہ عبدالواحد یوسفی صاحب نے مراتب علی شیخ صاحب کے روبرو مجھے حکم دیا کہ آپ کا کالم روزانہ میرے اخبار میں شائع ہوا کریگا، میں نے کہا میں آپ کے اخبار میں اشاعت کے لئے اپنا کالم کس طرح بھیجوں گا تو انہوں نے اپنے اخبار کے لاہور کے بیورو چیف کی ڈیوٹی لگائی کہ ان کا نمائندہ مجھ سے روزانہ کالم لے بھی جائے گا اور آج اخبار بھی دے جایا کرے گا۔ میں روزنامہ آج پشاور میں تقریباً تین سال تک کالم لکھتا رہا اور وہ روزانہ اخبار میں شائع بھی ہوتے رہے، یہ سب کچھ شیخ صاحب ہی کی بدولت ہوا تھا، میں سمجھتا ہوں مراتب علی شیخ صاحب میرے حقیقی باپ تو نہیں تھے لیکن ان کی شفقت اور محبت کسی بھی طرح باپ سے کم نہ تھی۔ شیخ صاحب کو میں اپنا روحانی باپ ہی سمجھتا تھا اور اب بھی سمجھتا ہوں، اگر میں بطور میڈیا کوارڈی نیٹر بنک میں 20 سال ملازمت کر کے 2014 میں باعزت طور پر ریٹائر ہوا ہوں تو اس میں شیخ صاحب کی تربیت، رہنمائی اور مہارت کا عمل دخل یقیناً شامل ہے۔ 2001 کو شیخ صاحب بنک سے فارغ ہو گئے اور پنجاب یونیورسٹی میں بطور سنیئر چیف پبلک ریلیشنز آفیسر کی حیثیت سے فرائض انجام دیتے رہے، جب بیماری نے انہیں بے حال کر دیا تو وہ اپنے گھر تک محدود ہو گئے۔ بالآخر 3 اپریل 2004 کو وہ اس فانی دنیا کو چھوڑ کر ہمیشہ ہمیشہ کیلئے اپنے خالق سے جا ملے اور مومن پورہ قبرستان میں ان کی تدفین ہوئی۔ دل سے دعا نکلتی ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں جنت الفردوس میں داخل فرمائے۔ آمین

شوبز SHOWBIZ

پاکستان سے محبت کرتی ہوں، سونم کپور

سونم کپور کے والد انیل کپور کا تعلق پاکستان کے شہر پشاور سے ہے

ممبئی (شوبز نیوز) نامور بالی ووڈ اداکارہ سونم کپور کا کہنا ہے کہ وہ پاکستانیوں سے بہت محبت کرتی ہیں اور پاکستان جانے کے لیے بے چین ہیں۔ اداکار انیل کپور کی صاحبزادی اداکارہ سونم کپور کی پاکستانیوں سے محبت سامنے آ گئی۔ حال ہی میں انسٹاگرام کے نئے فیچر کو استعمال کرتے ہوئے سونم کپور نے اپنے مداحوں کی جانب سے پوچھے گئے سوالوں کے کافی دلچسپ جوابات دیئے۔ ایک مداح کی جانب سے سونم سے سوال پوچھا گیا کیا آپ مسلمانوں سے محبت کرتی ہیں؟ جس کے جواب میں سونم نے کہا ''میں تمام عقائد کے لوگوں سے پیار کرتی ہوں۔

سلمان خان کی فلم 'کسی کا بھائی کسی کی جان' کا ٹریلر جاری

فلم کسی کا بھائی کسی کی جان کے ذریعے شہناز گل کا ڈیبیو ہو گا

ممبئی (شوبز نیوز) بالی وڈ سپر اسٹار سلمان خان کی نئی فلم کسی کا بھائی کسی کی جان کے آفیشل ٹریلر ریلیز کر دیا گیا جس کو مداح بہت پسند کر رہے ہیں۔ فلم کا ٹریلر جیسے ہی پوسٹ کیا گیا، مداحوں کی رش لگ گئی اور کمنٹ سیکشن میں سپر سٹار کیلئے تعریفی تبصرے کیے جا رہے ہیں اور مداح فلم کی ریلیز کے شدت سے منتظر ہیں۔ ٹریلر ریلیز ہونے سے قبل سلمان خان نے فلم کے پوسٹر کو شیئر کیا، کسی کا بھائی کسی کی جان کے نئے پوسٹر میں سلمان خان لمبے بالوں کے ساتھ انتہائی خوبصورت نظر آتے ہیں، انہوں نے سیاہ رنگ کی ٹی شرٹ پہنی ہوئی ہے اور ساتھ ہی ان کے سکلپچر بریسلیٹ بھی نمایاں ہے۔ فلم کسی کا بھائی کسی کی جان کے ذریعے شہناز گل کا ڈیبیو ہو گا جبکہ فلم کو 21 اپریل کو سینما گھروں میں ریلیز کیا جائے گا۔ سلمان خان کی نئی فلم کسی کا بھائی کسی کی جان کے آفیشل ٹریلر ریلیز کر دیا گیا جس کو مداح بہت پسند کر رہے ہیں۔ فلم کا ٹریلر جیسے ہی پوسٹ کیا گیا، مداحوں کی رش لگ گئی اور کمنٹ سیکشن میں سپر سٹار کیلئے تعریفی تبصرے کیے جا رہے ہیں اور مداح فلم کی ریلیز کے شدت سے منتظر ہیں۔ ٹریلر ریلیز ہونے سے قبل سلمان خان نے فلم کے پوسٹر کو شیئر کیا، کسی کا بھائی کسی کی جان کے نئے پوسٹر میں سلمان خان لمبے بالوں کے ساتھ انتہائی خوبصورت نظر آتے ہیں۔

SALMAN KHAN
IN AND AS
KISI KA BHAI KISI KI JAAN
A FILM BY
FARHAD SAMJI

بیٹی کو جائیداد کے حق سے محروم کرنا غیر اسلامی اور غیر قانونی ہے، نیلم منیر

اداکارہ نیلم منیر نے کہا کہ جو لوگ عورتوں کو حق مارتے ہیں وہ مجرم ہیں

اسلام آباد (شوبز نیوز) اداکارہ نیلم منیر نے کہا کہ جو لوگ عورتوں کو حق مارتے ہیں وہ مجرم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جو لوگ عورتوں کی حق تلفی کرتے ہیں وہ آخرت کے دن رب کے حضور بہت بڑے مجرم ہوں گے اور ایسے لوگوں رب کے عذاب سے ڈرنا چاہیے۔ اداکارہ نے اس موقع پر ایک ٹرک کی تصویر شیئر کی جس پر ایک بچی کی تصویر کے ساتھ ''بیٹی کو جائیداد کے حق سے محروم کرنا غیر اسلامی، غیر قانونی اور جرم ہے'' لکھا ہے۔ نیلم منیر نے کہا کہ جو لوگ عورتوں کو حق مارتے ہیں وہ مجرم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جو لوگ عورتوں کی حق تلفی کرتے ہیں۔

منفرد اور مشکل ڈانس دکھایا جائے تو بہتر رسپانس مل سکتا ہے، سارہ لورین

بیرون ممالک سے کوریوگرافرز کی خدمات حاصل کرنا انڈسٹری کے لیے فائدہ مند ہو گا

لاہور (شوبز نیوز) اداکارہ و ماڈل سارہ لورین نے کہا ہے کہ پاپ میوزک اور رقص کے جدید انداز ان دنوں مغرب ہی نہیں بلکہ مشرقی ممالک میں بسنے والی نوجوان نسل کی اولین پسند بن چکے ہیں تاہم اگر منفرد اور مشکل ڈانس فلموں میں دکھائے جائیں تو شائقین سے بہتر رسپانس مل سکتا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سارہ لورین نے کہا کہ ہمارے پڑوسی ملک بھارت میں بننے والی فلموں میں میوزک اور رقص پر خاص توجہ دی جاتی ہے جس کی بدولت فلموں کا بزنس کروڑوں نہیں بلکہ اربوں روپے کا ہوتا ہے۔ یہی نہیں بالی ووڈ میں تو اب رقص کے شعبے کو اتنی اہمیت دی جانے لگی ہے۔

فلم بشیرا گجر زوال پذیر فلم انڈسٹری میں ہوا کا ایک تازہ جھونکا ثابت ہو گی مسعود بٹ

لاہور (شوبز نیوز) نئی پنجابی فلم بشیرا گجر زوال پذیر فلم انڈسٹری میں ہوا کا ایک تازہ جھونکا ثابت ہو گی نئی پنجابی فلم ''بشیرا گجر'' عیدالفطر کے موقع پر ملک بھر کے سینماؤں میں ریلیز ہونے جا رہی ہے یہ ایک میوزیکل اور سبق آموز فلم ہے بشیرا گجر کا ٹائٹل روز معمر رانا نے بڑی خوبصورتی سے نبھایا ہے ان خیالات کا اظہار پاک فلم انڈسٹری کے معروف فلم ڈائریکٹر مسعود بٹ نے یو این پی سے ایک انٹر ویو کے دوران کیا فلم کے مصنف ناصر ادیب، ڈریس ماسٹر جمیل پگ میکر جبکہ ڈی او پی مسعود بٹ ہیں فلم ساز محمد طاہر پپو گجر، معاون فلم ساز عمران شاہ، رائے شہزادہ اور ایسوسی ایٹ ڈائریکٹر الیاس رانا ہیں فلم ''بشیرا گجر'' کی موسیقی طافو نے ترتیب دی ہے شاعر الطاف باجوہ اور یوسف یار کے لکھے ہوئے۔

نفیس عورت دکھاوے کی قائل نہیں ہوتی، نازش جہانگیر

زندگی کی ہر آسائش ہونے کے باوجود عاجزی اور انکساری کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑتی ہے

لاہور (شوبز نیوز) اداکارہ نازش جہانگیر نے کہا ہے کہ ایک نفیس عورت کسی دکھاوے کی قائل نہیں ہوتی ہے۔ انہوں نے اپنے ایک تازہ بیان میں کہا کہ ایک نفیس عورت دکھاوے کی قائل نہیں ہوتی ہے اور زندگی کی ہر آسائش ہونے کے باوجود عاجزی اور انکساری کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑتی ہے۔ نازش جہانگیر نے کہا ہے کہ ایک نفیس عورت کسی دکھاوے کی قائل نہیں ہوتی ہے۔ انہوں نے اپنے ایک تازہ بیان میں کہا کہ ایک نفیس عورت دکھاوے کی قائل نہیں ہوتی ہے اور زندگی کی ہر آسائش ہونے کے باوجود عاجزی اور انکساری کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑتی ہے۔

ہالی وڈ کے سپر سٹار اب بالی وڈ میں ولن بنیں گے

کچھ صارفین کے مطابق ولن کے رول کیلئے عامر خان بہترین انتخاب ہیں



ممبئی (شوبز نیوز) بالی وڈ کنگ شاہ رخ خان اور سلمان خان کی مشترکہ فلم پٹھان ورسس ٹائیگر میں ہالی وڈ سپر سٹار 'ایکوا مین' جیسن موموا ولن کا کردار ادا کریں گے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ایک ٹویٹ سوشل میڈیا پر زیر گردش ہے جس میں دعوی کیا گیا ہے کہ جیسن موموا یش راج فلمز کی اگلی جاسوسی تھرلر میں ولن کا کردار ادا کریں گے۔ اگرچہ اس خبر کی ابھی آفیشل تصدیق نہیں کی گئی ہے لیکن سوشل میڈیا پر اطلاع کے آتے ہی مداحوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے، ایک صارف نے لکھا کہ اگر یہ سچ ہے تو پھر غضب ہو جائے گا جبکہ ایک صارف کے مطابق ہمیں شدت سے اس مووی کا انتظار رہے گا۔ دوسری طرف بعض صارفین نے ایکوا مین کی شمولیت پر اعتراض کرتے ہوئے لکھا کہ فلم میں ولن کے رول کے کیلئے ہیری کیول بہتر انتخاب ہو سکتے ہیں۔

SPORTS سپورٹس

ون ڈے کی عالمی جنگ؛ تمام ٹیموں کے سپہ سالار نئے ہوں گے

ایک کین ولیمسن کی کپتانی بچی ہوئی تھی وہ بھی اب انجرڈ ہو چکے

کراچی (سپورٹس نیوز) ون ڈے کی عالمی جنگ میں تمام ٹیموں کے سپہ سالار نئے ہوں گے۔ آنے والے چند ماہ میں اگر کوئی تبدیلی نہ آئی تو ون ڈے ورلڈ کپ کی تاریخ میں پہلی بار تمام ٹیموں کی قیادت نئے کپتانوں کے ہاتھ میں ہو گی۔ انگلینڈ میں 2019 میں کھیلے گئے ورلڈ کپ سے اب تک کچھ کھلاڑیوں کی ریٹائرمنٹ اور تبدیلیوں کی وجہ سے تقریباً تمام ٹیموں کے کپتان تبدیل ہو چکے ہیں، صرف کین ولیمسن ہی بچے ہوئے تھے مگر آئی پی ایل کے پہلے ہی میچ میں گھٹنے کی شدید چوٹ کا شکار ہونے کی وجہ سے ان کی بھی اکتوبر میں بھارت میں شیڈول میگا ایونٹ میں شرکت کا امکان نہ ہونے کے برابر ہے۔ وہ گذشتہ ایڈیشن کے پلیئر آف دی ٹورنامنٹ بھی تھے، انھوں نے کیویز کو فائنل میں پہنچانے کے ساتھ 9 اننگز میں 578 رنز بھی بنائے تھے۔ نیوزی لینڈ نے ان کے متبادل کا ابھی تک اعلان نہیں کیا تاہم توقع یہی ہے کہ ٹام لیتھم کو ہی قیادت کی ذمہ داری سونپی جائے گی جو کہ پہلے ہی ولیمسن کی عدم موجودگی میں کیویز کی کپتانی کر رہے ہیں۔ ورلڈ کپ میں براہ راست جگہ بنانے والی دیگر ٹیموں میں شامل افغانستان سائیڈ میں اگرچہ گلبدین نائب موجود ہیں مگر ٹیم کی قیادت اب حشمت اللہ شاہدی کر رہے ہیں، آسٹریلیا کی قیادت اب پیٹ کمنز کے پاس ہے، ایرون فنچ ریٹائر ہو گئے ہیں۔ بنگلہ دیش کی قیادت اب ریٹائر ہونے والے مشرفی مرتضیٰ کی جگہ تمیم اقبال کے ہاتھوں میں ہے۔

ہوم سیریز؛ اسپانسرز میں ایک ''نیوز ویب سائٹ'' کی واپسی

شرٹ پر لوگو نہیں لگانا اس لیے رضوان یا کسی اور کو اعتراض نہ ہونے کا یقین

کراچی (سپورٹس نیوز) پی سی بی نے ایک ہی دن بعد فیصلہ بدل دیا جب کہ نیوزی لینڈ سے ہوم سیریز کے اسپانسرز میں ایک ''نیوز ویب سائٹ'' کی واپسی ہو گئی۔ بھارت میں مکمل پابندی پر جوئے کی ویب سائٹس نے نام میں معمولی تبدیلی کر کے کچھ عرصے قبل پاکستان میں ''سروگیٹ ایڈورٹائزنگ'' شروع کی تھی، پی سی بی نے ہمیشہ انھیں نیوز سائٹس ہی قرار دیا، البتہ معاملہ اس وقت سنگین رخ اختیار کر گیا جب گزشتہ دنوں پی ایس ایل کے اختتامی مراحل میں ملتان سلطانز کی قیادت کرنے والے محمد رضوان نے ایسی ہی ایک سائٹ کا شرٹ پر موجود لوگو ٹیپ سے چھپا دیا۔ سوشل میڈیا پر بھی کافی شور مچا جس کے بعد بورڈ نے فی الحال ایسی ویب سائٹس سے معاہدہ نہ کرنے کا فیصلہ کیا۔ حال ہی میں نیوزی لینڈ سے ہوم سیریز کے اسپانسرز کی جو فہرست سوشل میڈیا پر جاری ہوئی۔

اسلام آباد فٹ بال اکیڈمی کلب کے نائب صدر سرفراز احمد (المعروف کاکا) کی خوشدامن (ساس) انتقال کر گئیں

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) اسلام آباد فٹ بال اکیڈمی کلب کے نائب صدر سرفراز احمد (المعروف کاکا) کی خوشدامن (ساس) انتقال کر گئیں ہیں۔ ان کی وفات پر راولپنڈی اور اسلام آباد سے مختلف فٹ بال کلبوں کے عہدیداروں اور کھلاڑیوں سمیت پاکستان فٹ بال فیڈریشن کے سابق سیکرٹری اطلاعات رانا تنویر احمد نے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ اسلام آباد فٹ بال اکیڈمی کلب کے نائب صدر سرفراز احمد (المعروف کاکا) کی خوشدامن (ساس) انتقال کر گئیں ہیں۔ ان کی وفات پر راولپنڈی اور اسلام آباد سے مختلف فٹ بال کلبوں کے عہدیداروں اور کھلاڑیوں سمیت پاکستان فٹ بال فیڈریشن کے سابق سیکرٹری اطلاعات رانا تنویر احمد نے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ اسلام آباد فٹ بال اکیڈمی کلب کے نائب صدر سرفراز احمد (المعروف کاکا) کی خوشدامن (ساس) انتقال کر گئیں ہیں۔ ان کی وفات پر راولپنڈی اور اسلام آباد سے مختلف فٹ بال کلبوں کے عہدیداروں اور کھلاڑیوں۔

بابر اعظم کی کپتانی سے متعلق چیئرمین نجم سیٹھی کا بڑا بیان آ گیا

آگے بڑھنے کے لیے سلیکٹرز، ڈائریکٹرز کرکٹ آپریشنز اور ہیڈ کوچ رہنمائی کریں گے



لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستان کرکٹ بورڈ) پی سی بی (کے چیئرمین نجم سیٹھی نے بابر اعظم کی کپتانی سے متعلق ہونے والی چہ مگوئیوں پر ردعمل دے دیا۔ ٹوئٹر پر جاری بیان میں نجم سیٹھی نے کہا کہ کئی ماہ سے کرکٹ اور میڈیا کے حلقوں میں بابر اعظم کو کپتان برقرار رکھنے کے فائدہ اور نقصان پر بحث ہو رہی ہے، بابر کو تینوں فارمیٹ کا کپتان برقرار رکھنے پر بحث کی جا رہی ہے۔ نجم سیٹھی نے کہا کہ یہ فیصلہ چیئرمین کا ہے، میں نے پہلے چیئرمین سلیکشن کمیٹی شاہد آفریدی اور اب ہارون رشید کے خیالات جانے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں کمیٹیوں کا خیال تھا کہ یہ بات میرٹ پر پورا اترتی ہے کہ اس پر بحث ہو، اس کے بعد دونوں اس نتیجے پر پہنچے کہ صورتحال جوں کی توں رہنی چاہیے، میں نے پبلک میں اس تمام صورتحال کو بیان کیا۔

پاک نیوزی لینڈ سیریز؛ امپائرنگ پینل کا اعلان ہو گیا

لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے نیوزی لینڈ کے خلاف ون ڈے اور ٹی 20 سیریز کیلئے امپائرنگ پینل کا اعلان کر دیا۔ پی سی بی کی جانب سے جاری اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ سابق ٹیسٹ کرکٹرز علی نقوی اور کرس براڈ پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان 14 اپریل سے 7 مئی تک ٹی 20 انٹرنیشنل اور ون ڈے انٹرنیشنل سیریز میں میچ ریفریز ہوں گے۔ علی نقوی لاہور اور راولپنڈی میں کھیلے جانے والے پانچ ٹی 20 میچز میں میچ ریفری ہوں گے جس میں احسن رضا، علیم ڈار، آصف یعقوب، فیصل آفریدی اور راشد ریاض میدان میں امپائرنگ کے فرائض انجام دیں گے۔ آئی سی سی ایلیٹ پینل آف میچ ریفری کے رکن کرس براڈ 14 سال میں پہلی بار راولپنڈی اور کراچی میں کھیلے جانے والے پانچ ون ڈے میچوں کی امپائرنگ کیلئے پاکستان آئیں گے۔

محمد حسین چٹھہ رمضان المبارک نائٹ ٹین پن باؤلنگ کپ جیتنے کامیاب ہو گئے

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) محمد حسین چٹھہ رمضان المبارک نائٹ ٹین پن باؤلنگ کپ جیتنے کامیاب ہو گئے جبکہ جنید خان دوسرے اور شہزاد اختر تیسرے نمبر پر رہے۔ ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب کے مہمان خصوصی پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کے صدر اعجاز الرحمان تھے جنہوں نے کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے۔ گزشتہ شب لیزر سٹی باؤلنگ کلب، جناح پارک، راولپنڈی میں کھیلا گئے ٹورنامنٹ میں محمد حسین چھٹہ نے 356 پوائنٹس کے ساتھ چیمپئن ہونے کا اعزاز حاصل کیا۔

پی سی بی نے اظہر محمود کو عبوری کوچ بنانے کا فیصلہ بدل لیا

آرتھر جانتے ہیں پاکستان میں کسی وقت بھی حکومت و بورڈ تبدیل ہو سکتے ہیں

لاہور (سپورٹس نیوز) پی سی بی نے اظہر محمود کو عبوری کوچ بنانے کا فیصلہ بدل لیا۔ ایک انٹرویو میں اظہر محمود نے کہا میری جانب سے پاکستان ٹیم کی کوچنگ سے انکار کیے جانے کی اطلاعات ہیں مگر ایسا نہیں تھا، اپنی کاؤنٹی مصروفیات کی وجہ سے میں نے صرف افغانستان سے سیریز کیلیے حامی بھری تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ حقیقت یہ تھی کہ بورڈ مجھے افغانستان اور نیوزی لینڈ سیریز کیلیے ہیڈ کوچ بنانا چاہتا تھا، جواب میں میرا کہنا تھا کہ سرے کاؤنٹی کے ساتھ وابستہ ہوں، پہلے مجھے وہاں بات کرنا ہو گی، یقینی طور پر نہیں کہہ سکتا۔

کھلاڑیوں کی سلیکشن میں میرٹ اپنائے بغیر ملک میں کھیلوں کی ترقی ناممکن ہے۔ کرنل محمد نعمان

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) قومی فٹ بال ٹیم کے سابق کپتان اور سابق رکن پاکستان فٹ بال فیڈریشن کرنل ریٹائرڈ محمد نعمان خان نے کہا ہے کہ کھلاڑیوں کی سلیکشن میں میرٹ اپنائے بغیر ملک میں کھیلوں کی ترقی ناممکن ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں کھیلوں کا بے پناہ ٹیلنٹ موجود ہے لیکن کھلاڑیوں کو وسائل اور سہولیات فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔

شاہ رخ کی افغان کرکٹر گرباز سے ''فارسی'' میں گپ شپ

افغان کرکٹر گرباز سے پٹھان فلم سے متعلق بات چیت وائرل ہو گئی

کولکتہ (سپورٹس نیوز) بھارتی فلم اسٹار شاہ رخ خان نے اپنی فرنچائز کولکتہ نائٹ رائیڈرز کے افغان اسٹار رحمٰن اللہ گرباز سے اپنی حالیہ فلم ''پٹھان'' سے متعلق فارسی میں بات چیت کی۔ شاہ رخ آئی پی ایل میچز کے دوران اپنی ٹیم کی حوصلہ افزائی کے لیے گراؤنڈ میں آ رہے ہیں، بنگلور سے کامیابی پر انہوں نے ڈریسنگ روم میں جا کر پلیئرز اور کوچز سے گپ شپ بھی لگائی۔ اس دوران ان کی افغان کرکٹر گرباز سے پٹھان فلم سے متعلق بات چیت وائرل ہو گئی ہے، افغان اوپنر نے شاہ رخ سے ملنے کی خواہش کا اظہار کیا تھا جس پر فلم اسٹار نے انھیں گلے لگا لیا تھا۔ بنگلور سے کامیابی پر انہوں نے ڈریسنگ روم میں جا کر پلیئرز اور کوچز سے گپ شپ بھی لگائی۔ اس دوران ان کی افغان کرکٹر گرباز سے پٹھان فلم سے متعلق بات چیت وائرل ہو گئی ہے، افغان اوپنر نے شاہ رخ سے ملنے کی خواہش کا اظہار کیا تھا جس پر فلم اسٹار نے انھیں گلے لگا لیا تھا۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 11 اپریل 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس اڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلو کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 11 اپریل 2023 صبح 07:00 بجے تا دن 11:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، سی ایم پاک زونگ، رہاڑہ، ترامڑی، جھنڈ بختاور، لہتراڑ روڈ، آئی ایس آئی، کری (اولڈ بحریہ) فیڈرز، اٹک سرکل، پنڈ پران، دیلی، گلشن صحت، سنگجانی، شاہ اللہ دتہ، پسوال، سرائے خربوزہ، ٹیکسلا-II، ٹیکسلا-I، شیر شاہ سوری فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، ڈیشان کالونی، بیسٹ روڈ فیڈرز، کینٹ سرکل راولپنڈی، اسلام آباد فیڈ مل، جھٹہ ہتھیال، پنڈ جاتلہ، لیب-II، لیب-I، ریلائنس ویونگ مل، بھل، جرار کیمپ، کھوڑ سٹی-II، حنیف شہید، پارک ویو، آر بی آئی ایس ای جیل پارک-I، کار چوک، محبوب شہید فیڈرز، جہلم سرکل، گل افشاں فیڈر، چکوال سرکل، بشارت، للہ ٹاؤن، احمد آباد، توبا فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

جوبلی پر ضروری ہے سازشیں سامنے لے کر آئیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پرویز مشرف نے جو بیج بویا ہے وہ آج تک کاٹ رہے ہیں، ہم بحرانوں کا مقابلہ کرکے آگے بڑھے، ملک کو ون یونٹ بنانے کی کوشش کی گئی، 18ویں ترمیم کیخلاف سازشیں ناکام بنائی گئیں۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ یہ ہمیں بتانا چاہتے ہیں کہ 2 جمع 2 کا جواب تین ہوتا ہے، جب کہ واضح طور پر فیصلہ 4، 3 کا تھا، اس قسم کا مذاق آئین اور عدلیہ کے ساتھ کھیلا جارہا ہے، اقلیت کو اکثریت پر ثابت کرنا چاہتے ہیں، یوم دستور پر چیف جسٹس سے اپیل کرتا ہوں کہ ہماری عدالت اپنے وقار کو بلند کرسکتی ہے، سیاسی سوچ کو پس پشت رکھ کر ججز صاحبان آپس میں بیٹھیں، اعلی عدلیہ کی ذمہ داری ہے کہ اپنے ادارے کو بچائیں، ہر ادارے کو اپنے آئینی اختیار میں رہ کر کام کرنا ہوگا۔ وزیر خارجہ نے سابق وزیراعظم پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ عمران خان ملک پر معاشی حملہ کرکے نکلے تھے، ہمارے وزیرخزانہ دن رات کام کرکے معیشت ٹھیک کررہے ہیں، عمران خان نے ملک پر دوبارہ دہشت گردی مسلط کی، ہم پوری قوم اور سیکیورٹی فورسز دہشت گردی کا مقابلہ کررہے ہیں اور انہیں شکست دیں گے۔

بقیہ 2

ٹوئٹر پر اپنے بیان میں رہنما پی ٹی آئی فواد چوہدری کا کہنا تھا کہ آئین کے تحت انتخابات کیلئے فنڈز کی فراہمی براہ راست خزانے سے کی جاتی ہے، پارلیمان نے اس عمل سے خود کو آئینی طور پر علیحدہ کر رکھا ہے، اس عمل کو (Direct Charge on Consolidated funds) کہا جاتا ہے۔ اگر وفاقی حکومت سپریم کورٹ کے فیصلے پر عمل نہیں کرتی اور آج فنڈز نہیں دیتی تو وزیر اعظم اور کابینہ کے اراکین پانچ سال کیلئے نا اہل ہوں گے سابق وزیر کا مزید کہنا تھا کہ اس ضمن میں صرف وفاقی کابینہ کی منظوری درکار ہے، اگر وفاقی حکومت سپریم کورٹ کے فیصلے پر عمل نہیں کرتی اور آج فنڈز نہیں دیتی تو وزیر اعظم اور کابینہ کے اراکین پانچ سال کیلئے نا اہل ہوں گے۔

بقیہ 3

کے جسٹس شاہد کریم نے کیس کی سماعت کی، عمران خان کے وکیل احمد پنسوتہ نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ عمران خان کی تقاریر کی نشریات پر پابندی کے خلاف عدالت نے حکم امتناعی جاری کررکھا ہے۔ وکیل احمد پنسوتہ نے مزید کہا کہ عدالتی حکم کے باوجود عمران خان کی تقاریر کی نشریات پر عائد پابندی ختم نہیں کی گئی، عام انتخابات کا شیڈول آنے کے بعد انتخابی مہم شروع ہورہی ہے، پیمرا کا پابندی کا نوٹیفکیشن بلا جواز اور قانون سے ہٹ کر ہے۔ وکیل نے عدالت سے استدعا کی کہ عدالتی حکم کے مطابق عمران خان کی تقاریر کی نشریات بحال کرنے کا حکم دیا جائے جس پر عدالت نے پیمرا اور دیگر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کرلیا۔

بقیہ 4

زرداری کا کہنا تھا پہلی دفعہ نہیں ہوا کہ کورٹ نے نوٹس بھیجا، میرے خلاف سوموٹو نوٹس ہوئے میں نے دیکھے ہیں، ہمارے خلاف پہلے بھی انٹریز ہوتی رہی ہیں، جب بینظیر بھٹو شہید ہوئیں تو ہم نے پاکستان کھپے کا نعرہ لگایا، رات 12 بجے ہسپتال سے اٹھا کر جیل میں ڈالا گیا اس وقت کسی نے سوموٹو نہیں لیا۔ ان کا کہنا تھا ٹی ٹی پی کی تھریٹس مجھے بھی تھیں لیکن جہاں لوگ بلائیں گے جائیں گے پھر جو ہوگا دیکھا جائے گا، ہم تو بلوچستان بھی جائیں گے اور کے پی بھی جائیں گے، ہم پاکستان کو بچاتے آئے ہیں، اب بھی بچائیں گے، جب تک دم میں دم ہے جمہوریت کے لیے لڑتے رہیں گے۔ سابق صدر آصف علی زرداری کا کہنا تھا ڈائیلاگ کی اتھارٹی وزیراعظم کے پاس ہے لیکن شہباز شریف سے درخواست کروں گا کہ اپوزیشن سے مذاکرات کریں اور مذاکرات میں آنے سے پہلے شرائط نہ رکھی جائیں، اپوزیشن کو بھی مذاکرات کے لیے شہباز شریف کے پاس آنا ہوگا کیونکہ یہ وزیراعظم ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ جاپان دیوالیہ ہوا، کوریا دیوالیہ ہوا، انڈیا ہم سے 10 گنا بڑا ملک ہے، ان کے پاس ایک زمانے میں ایک بلین ڈالر کے ریزرو تھے لیکن بھارت کو اپنا سونا سوئٹزرلینڈ بھیجنا پڑا، پاکستان اٹھے گا اور ہم اسے اٹھائیں گے۔

بقیہ 5

بنانیوالوں کو سیاسی دور اندیشی پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں، وقت آ گیا ہے کہ پارلیمنٹ کو قومی زندگی کا مرکز ومحور بنایا جائے، آئین کی روشنی میں بنائے گئے رہنما اصول ہمیں آگے کی راہ دکھلاتے ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ قوم آج 1973 کے آئین کی گولڈن جوبلی منا رہی ہے، آئین بنانے والوں کو سیاسی دور اندیشی پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر وزیراعظم شہباز شریف نے لکھا کہ قوم آج 1973 کے آئین کی گولڈن جوبلی منا رہی ہے، ایک ایسی مقدس دستاویز جس نے 50 برس میں کئی طوفانوں کا مقابلہ کیا، آئین کی مقدس دستاویز نے وفاق کو ایک ساتھ تھام رکھا ہے۔ میاں شہباز شریف کا کہنا تھا کہ آئین بنانیوالوں کو سیاسی دور اندیشی پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں، وقت آگیا ہے کہ پارلیمنٹ کو قومی زندگی کا مرکز ومحور بنایا جائے، آئین کی روشنی میں بنائے گئے رہنما اصول ہمیں آگے کی راہ دکھلاتے ہیں۔

بقیہ 6

ساتھ کرانے کی قرارداد منظور کر لی گئی۔ تفصیلات کے مطابق سینیٹ کے اجلاس میں قومی اسمبلی اور چاروں صوبوں میں بیک وقت انتخابات کرانے کی قرارداد کثرت رائے سے منظور کر لی گئی ہے، قرارداد سینیٹر طاہر بزنجو نے ایوان میں پیش کی۔ قرارداد میں کہا گیا کہ ملک میں معاشی استحکام کیلئے سیاسی استحکام ضروری ہے، تمام اسمبلیوں کے انتخابات بیک وقت ہونے بھی ضروری ہیں۔ صرف پنجاب میں الیکشن ہونے سے دیگر صوبوں پر منفی اثرات مرتب ہوں گے، قومی اسمبلی سمیت تمام صوبائی اسمبلیوں کے انتخابات ایک ساتھ ہونے سے وفاق مضبوط ہوگا۔ سینیٹر طاہر بزنجو نے کہا کہ ملک مزید سیاسی عدم استحکام کا متحمل نہیں ہوسکتا، محاذ آرائی کے بجائے ملکی استحکام کیلئے کام کرنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 7

باعث آئیسکو کے 1300 سے زائد فیڈرز اور 116 گرڈ اسٹیشنز پر کسی قسم کا کوئی میجر فالٹ رپورٹ نہیں ہوا۔ اور اس سلسلے میں وہ آئیسکو افسران و عملے کی کاوشوں کو سراہتے ہیں اور وہ امید کرتے ہیں کے وہ کارکردگی کے اس معیار کو برقرار رکھیں گے۔ انھوں نے چیف انجینئر آپریشن ڈائریکٹر محمد اسلم خان کی کارکردگی کو بھی سراہا جو کہ تمام فلیڈ آپریشنز کے انچارج ہیں۔

بقیہ 8

پیش کی، جس کو کثرت رائے سے منظور کرلیا گیا، قرارداد میں کہا گیا ہے کہ آئین کے مطابق حاکیت صرف اللہ تعالی کی ذات ہے، یہ اختیار عوامی نمائندوں کے ذریعے استعمال کیا جائیگا، آئین پاکستان میں تمام اداروں کے فرائض واضح طور پر موجود ہیں۔ قرارداد میں 10 اپریل کو یوم دستور منانے کا اعلان کیا گیا ہے، یوم دستور ہر سال ملک بھر میں منایا جائے گا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے تقریب سے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ آج کا دن پاکستان کی تاریخ کیلئے بہت اہم ہے، 50 سال کے دوران 1973 کے آئین میں مختلف اوقات میں متعدد ترامیم کی گئیں، بسا اوقات آئین پاکستان کو از سر نو تحریر کیا گیا، ایک چیف جسٹس نے ایک ڈکٹیٹر کو 3 سال کی رعایت دی مگر یہ آئین آج بھی زندہ و سلامت ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ چاروں صوبوں میں مختلف زبانیں بولی جاتی ہیں، 1973 کے آئین نے پاکستان کو ایک لڑی میں پرو رکھا ہے، 1973 کے متفقہ آئین دینے والوں کو سلام پیش کرتا ہوں، یہ کارنامہ تاریخ کے سنہرے حرف میں لکھا جائے گا۔ وزیراعظم کا مزید کہنا تھا کہ ہمیں کہا گیا تھا کہ اتحادی حکومت ایک ماہ نہیں چل سکے گی، لیکن آج اتحادی حکومت کو ایک سال مکمل ہوگیا ہے، ہم پاکستان کو بچانے کے لئے اکٹھے ہوئے تھے، اب تمام اتحادی جماعتیں اپنے اپنے منشور پر الیکشن میں جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ جب حکومت سنبھالی تو حالات کی سنگینی کا اندازہ نہیں تھا، مشکلات اور چیلنجز اس میں کوئی شک نہیں۔ قبل ازیں آئین کے پچاس سال مکمل ہونے پر ڈی چوک پر یادگار دستور کا سنگ بنیاد رکھا گیا۔ اس سلسلے میں منعقدہ تقریب میں اسپیکر قومی اسمبلی راجا پرویز اشرف نے وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات مریم اورنگزیب سمیت ارکان پارلیمنٹ کی بڑی تعداد کے ہمراہ یادگار دستور کا سنگ بنیاد رکھا۔

بقیہ 9

کا سندھ اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہنا تھا کہ ہمارے حلف میں لکھا ہے کہ میں آئین کی پاسداری کروں گا، ججز کے حلف میں ایک چیز مختلف ہے کہ میں سپریم جوڈیشل کونسل کے کوڈ آف کنڈکٹ کو فالو کروں گا۔ سعید غنی نے کہا کہ اسی آئین میں لکھا ہے آپ فوج پر بات نہیں کرسکتے، اگر کوئی آئین کی خلاف ورزی کرے گا تو ہم بات کریں گے، سپریم کورٹ کے ججز خلاف ورزی کریں گے تو ہم بات کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ جسٹس منصور علی شاہ، اطہر من اللہ، مندوخیل کے کردار پر کوئی بات نہیں کرسکتا ہے، 3 ججز کیا ملک کو چلائیں گے، آرٹیکل 5 کہتا ہے ریاست سے وفاداری ہر شہری کا بنیادی حق ہے۔ سعید غنی کا کہنا تھا کہ ملک میں مہنگائی اور موجودہ صورتحال کا ذمہ دار ایک شخص ہے، کبھی امریکہ کو کبھی باجوہ کو غلط کہہ کر بھونچال مچاتے ہیں، جب فوج غلط کررہی تھی ہم بول رہے تھے، آج جب فوج کہتی ہے ہم سیاست سے باہر ہیں، عمران خان صبح شام کہتا ہے آپ آئیں، یہ فوجیوں کے سامنے پیشی کراتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں الیکشن ہوں اور شفاف انتخابات ہوں، ہم یہ چاہتے ہیں ان کو الیکشن لڑنے کا موقع ملنا چاہیے، کہاں لکھا ہے عمران خان اسمبلی توڑ سکتا ہے، ریکارڈنگ موجود ہے نقوی صاحب سے بات کی ہے، نقوی نے خود آپ کو پھنسوایا ہے۔ سعید غنی نے کہا کہ عدالتی فیصلے لینے میں یہ خود پھنسے ہیں، جب انہوں نے قومی اسمبلی کو غلط توڑا، ان پر آرٹیکل 6 لگنا چاہیے تھا، پارلیمنٹ میں ہونے والی ترمیم کسی بھی صورت عدالتوں میں چیلنج نہیں ہوسکتی۔

بقیہ 10

بار پھر سب سے ممتاز نہ کوئی پارٹی فنڈ کی ڈیمانڈ نہ کوئی چاپلوسی و چوکیداری کی شرائط بلکہ جماعت اسلامی پاکستان نے زونل شوری اور مرکزی شوری کی مشاورت کے بعد اپنے زونل شوری کے اجلاس میں جماعت اسلامی پاکستان کے سینئر رہنما و نائب امیر ضلع راولپنڈی راجہ محمد جواد نے پی پی 9 کا، پارٹی ٹکٹ امیدوار برائے ایم پی اے پی پی 9 حبیب نواز قریشی کے حوالے کر دیا پارٹی ٹکٹ امیر جماعت اسلامی پاکستان جناب سراج الحق کی ہدایت پر نائب امیر ضلع راولپنڈی جناب راجہ محمد جواد نے حبیب نواز قریشی کے سپرد کیا اس موقع پر امیر زون چوہدری عابد حسین ایڈووکیٹ۔ سابق امیر زون چوہدری محمد سعید۔ صدر انتخابی کمیٹی مرزا محمد منیر۔ راجہ بابر چوہان۔ عظمت علی اعوان۔ صدر تحصیل گوجرخان لیبر ونگ جماعت اسلامی مصور قریشی۔ صدر الخدمت فاونڈیشن ڈاکٹر عثمان خان۔ امیر زون پی پی 9 حکیم محمد علی چوہان صدر جماعت اسلامی سرکل مندرہ حافظ عرفان صاحب۔ ناظم شعبہ تعلقات عامہ راجہ محمد ادریس۔ انچارج شعبہ مالیات ماسٹر غضنفر صاحب چوہدری غلام رازق اور ذمہ داران جماعت اسلامی جنرل سیکرٹری جماعت اسلامی یوتھ مولانا خباب صاحب۔ راجہ محمد سعید۔ قاضی اسد اللہ۔ راجہ محمد اسد۔ یوتھ رہنما نبیل عرفان۔ تنویر مغل۔ عبدالرزاق اعوان اس موقع پر صدر مرکزی پریس کلب دولتالہ جناب صدیق کیانی۔ جنرل سیکرٹری مرکزی پریس کلب دولتالہ راجہ محمد اخلاق۔ چوہدری عامر مقبول اور گلوبل اردو ڈی وی ہالینڈ کے روح رواں نوجوان صحافی یاسر مغل بھی موجود تھے

بقیہ 11

جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے جان ومال کی حفاظت اولین ترجیح ہے، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی۔ تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس آفیسر سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایات پر راولپنڈی پولیس نے 19، 20 اور 21 رمضان المبارک یوم علیؓ کے حوالے سے موثر سیکورٹی انتظامات، راولپنڈی میں 36 مجالس اور 11 جلوس منعقد کئے جائیں گے، مجالس کی سیکورٹی کے لیے290 کے قریب جبکہ جلوس ہائے کی سیکورٹی کے لیے326 پولیس افسران وجوان ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیں گے، جلوس کے روٹ پر واقع گلیوں / راستوں کو بیریئرز لگا کر سیل کیا جائے گا، جلوس میں داخل ہونے والے اشخاص کو مکمل باڈی سرچنگ کے بعد داخل ہونے کی اجازت دی جائے گی، راولپنڈی پولیس شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہے

بقیہ 12

جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے جان ومال کی حفاظت اولین ترجیح ہے، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی۔ تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس آفیسر سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایات پر راولپنڈی پولیس نے 19، 20 اور 21 رمضان المبارک یوم علیؓ کے حوالے سے موثر سیکورٹی انتظامات، راولپنڈی میں 36 مجالس اور 11 جلوس منعقد کئے جائیں گے، مجالس کی سیکورٹی کے لیے290 کے قریب جبکہ جلوس ہائے کی سیکورٹی کے لیے326 پولیس افسران وجوان ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیں گے، جلوس کے روٹ پر واقع گلیوں / راستوں کو بیریئرز لگا کر سیل کیا جائے گا، جلوس میں داخل ہونے والے اشخاص کو مکمل باڈی سرچنگ کے بعد داخل ہونے کی اجازت دی جائے گی، راولپنڈی پولیس شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہے

بقیہ 13

کرسی پر سینیٹر مشتاق احمد موجود رہے، چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی نے کہا کہ سینیٹر مشتاق احمد نے بھی بل کی مخالفت نہیں کی۔ دوسری جانب سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کارخانہ جات ترمیمی بل 2023 پیش کیا جس پر وزیر مملکت شہادت اعوان نے کہا میری درخواست ہے بل پر نظر ثانی کی جائے، ثمینہ ممتاز زہری نے کہا اس بل میں میری تین ترامیم شامل ہیں، مزدوروں کو ہیلتھ اور سیفٹی مہیا کرنا ضروری ہے۔ بعدازاں چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی نے ثمینہ ممتاز زہری اور شہادت اعوان کو مشاورت کی ہدایت کردی۔

بقیہ 14

عشرہ کا ایک روز بعد آغاز ہو رہا ہے، 20 رمضان المبارک بمطابق 11 اپریل بروز منگل کو لاکھوں فرزندان اسلام نماز مغرب سے قبل مسنون اعتکاف بیٹھیں گے۔ اس سلسلے میں ملک بھر کی مساجد میں اعتکاف بیٹھنے کے لئے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں، گھروں اور مساجد میں خصوصی تیاریاں کی گئی ہیں۔ واضح رہے کہ محکمہ اوقاف کے زیرانتظام مساجد میں بھی ہزاروں افراد اعتکاف میں بیٹھتے ہیں۔

بقیہ 15

کی ہوگئی ہے۔ حیدر آباد میں چینی کی قیمت میں 20 روپے کا اضافہ ہوا ہے، کراچی کی ہول سیل مارکیٹ میں چینی120 روپے جبکہ ریٹیل میں130 روپے فی کلو تک جا پہنچی ہے۔ ادھر پشاور میں بھی دو ہفتے کے دوران ایک کلو چینی35 روپے کے اضافے کے بعد125 روپے کی ہوگئی ہے، گڑ کی قیمت 20 روپے کلو اضافہ کے ساتھ 150 روپے مقرر کردی گئی ہے۔ کوئٹہ میں بھی ایک کلو چینی 125 روپے اور نواحی علاقوں میں 130 روپے کلو فروخت کی جا رہی ہے۔ دوسری جانب پشاور میں عام کوالٹی کا گھی 450 سے 490 روپے کلو میں دستیاب ہے، مرغی کی قیمت دو ہفتے کے دوران 65 روپے کلو اضافہ کے ساتھ 380 روپے کلو میں فروخت ہو رہی ہے۔ پشاور میں پھلوں کی قیمت میں بھی اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، کینو 500 روپے درجن، سٹرابری 400 سے 450 روپے کلو میں فروخت ہو رہی ہے، خربوزہ120، تربوز70 اور امرود کوہائی400 روپے کلو کے حساب سے مارکیٹ میں دستیاب ہے۔

بقیہ 16

شہباز شریف کی 1 سالہ دور میں مہنگائی 45% فیصد کی بدترین بلندی کو پہنچ چکی، عمران خان کے ایک سالہ دور میں مہنگائی کی شرح 12% تھی۔ اپنے ایک بیان میں پی ٹی آئی رہنما کا کہنا تھا کہ عمران خان کے دور میں پٹرول149 روپے، ڈیزل144 روپے، آٹا60 روپے کلو ملتا تھا، چینی86 روپے کلو، گھی450 روپے کلو جبکہ چکن 267 روپے کلو رہا تھا، شہباز شریف کی 1 سالہ دور میں مہنگائی 45% فیصد کی بدترین بلندی کو پہنچ چکی ہے، شہباز شریف دور میں پٹرول272 روپے، ڈیزل294 روپے، آٹا160 روپیہ کلو مل رہا ہے، چینی123 روپے کلو، گھی670 روپیہ کلو، جبکہ چکن378 روپیہ کلو مل رہا ہے، شہباز شریف حکومت کی عوام دشمن پالیسیوں کے باعث ملک میں مہنگائی تاریخ کی بلندیوں کو چھو رہی ہے، سرکاری ادارے کے اعداد و شمار بتا رہے ہیں کہ ہر طرف مہنگائی کا سیلاب ہے۔ ایک سال میں چکن اوسطاً111 روپے 7 پیسے، 20 کلو آٹے کا تھیلا 1 ہزار 544 روپے 72 پیسے مہنگا ہوا، آٹے کا 20 کلو تھیلا1172 روپے 2 ہزار 717 روپے تک پہنچ گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہباز شریف حکومت میں ایک سال میں چینی 36 روپے 45 پیسے، آلو 24 روپے 42 پیسے مہنگا ہوا ہے جبکہ فی کلو پیاز 34 روپے 72 پیسے، انڈے 128 روپے 71 پیسے، مہنگا ہوا ہے، تازہ دودھ 46 روپے 45 پیسے، دہی 57 روپے 6 پیسے فی کلو مہنگا ہوا، مٹن 256 روپے کلو مہنگا ہوا، پی ڈی ایم حکومت کے دوران اڑھائی کلو گھی کا ٹن اوسطاً342 روپے 57 پیسے، دال ماش152 روپے فی کلو مہنگی ہوئیں ہیں، دال چنا83 روپے، دال مونگ 113 روپے 93 پیسے دال مسور60 روپے 84 پیسے، لہسن 57 روپے 56 پیسے مہنگا ہوا ہے، 190 گرام چائے کا پیکٹ 252 روپے 66 پیسے، نمک کا800 گرام پیکٹ 17 روپی50 پیسے مہنگا ہوا۔

بقیہ 17

نے کہا عدالت کا کسی طرف سیاسی جھکا نہیں ہونا چاہیے، جسٹس فائز عیسیٰ بھی تو سپریم کورٹ کا حصہ ہیں، اگر یہ مایہ ناز دور ہے تو 9 کا بینچ 7 کیسے ہوا، 7 کا بینچ ٹوٹ کر 5 اور پھر 3 کا رہ گیا، پھر کوئی سوال پوچھے گا کہ کیا ہو رہا ہے۔ وزیر مملکت پٹرولیم نے کہا کہ جسٹس منصور علی شاہ نے کیوں کہا کہ ون مین شو نہیں ہونا چاہیے، جسٹس اطہر من اللہ نے کہا کہ جج کو سیاست دان نہیں ہونا چاہیے، اطہر من اللہ نے یہ کیوں کہا ایسا نہیں دیکھنا چاہیے کہ عدالت سیاسی طرف کا سفر کررہی ہے، جسٹس اطہر من اللہ کو ایسا کیا نظر آ رہا تھا جو یہ باتیں کی، ہمیں سمجھ نہیں آ رہی ججز کیوں تکرار کررہے ہیں۔ ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ انصاف کسی کو دیکھ کے نہیں کیا جاتا، انصاف سب کیلئے برابر ہونا چاہیے، اگر سب کیلئے انصاف برابر ہے تو اندھیر نگری کیسے، اگر اس ملک میں انصاف ہے تو غربت کیوں، ایک طرف سابق وزیراعظم کو تنخواہ نہ لینے پر تاحیات نااہل کر دیا، دوسری طرف ملک ریاض سے 450 کنال زمین لیکر اس کو اربوں روپے کا فائدہ پہنچایا۔ انہوں نے مزید کہا کہ نواز شریف کو سینکڑوں پیشیوں میں ایک دن بھی چھٹی نہیں ملی، دوسری طرف سینکڑوں ضمانتیں مل رہی ہیں، عارف نقوی نے 2 سے 3 ملین پاؤنڈ لیکر ایک ارب کی چھٹی دے دی، ایک طرف ہر صورت پیش ہونا ہے، دوسری طرف کل آ جائیں پرسوں آ جائیں۔

بقیہ 18

اخبارات شدید معاشی بدحالی کا شکار ہو چکے تھے پنجاب ایڈورٹائزمنٹ پالیسی میں اشتہارات کے واجبات کی ادائیگی 15/85 فارمولا کیخلاف PAA کی رٹ پٹیشن میں فریق بن کر آل پاکستان ریجنل نیوز پیپرز سوسائٹی APRNS کے صدر غلام مرتضی جٹ نے پرنٹ میڈیا کی ڈوبتی کشتی میں ایک اور سوراخ ہونے سے بچالیا لاہور ہائی کورٹ لاہور بینچ میں دائر درخواست پر مسٹر جسٹس رسال حسن سید کی عدالت میں سماعت ہوئی، آل پاکستان ریجنل نیوز پیپرز سوسائٹی APRNS کے صدر غلام مرتضی جٹ کی طرف سے APRNS کے لیگل ایڈوائزر و کونسل رائے محمد بلال ندیم کھرل ایڈووکیٹ نے اپنے دلائل پیش کے جبکہ PAA کے کونسل نے معزز عدالت میں پیش ہو کر اپنی رٹ پٹیشن واپس لینے کا مطالبہ پیش کیا جس پر معزز عدالت نے رٹ پٹیشن کو خارج کر دیا لوکل / ریجنل اخبارات کے ذمہ داران کو کامیابی پر وفاق کے بعد اب پنجاب میں بھی لوکل / ریجنل اخبارات کے اشتہارات کے پیسے کوئی بھی ایڈ ایجنسی دبا نہیں سکے گی اب SPL اشتہارات کا85 فی صد کا چیک سرکاری محکمہ جات کی طرف سے اخبارات کو دیا جائیگا اس سے قبل اخبارات کا85 فیصد بھی ایڈ ایجنسیز کو جاری کو جاری ہوجاتا تھا اور اکثر ایڈ ایجنسیز عرصہ دراز تک لوکل / ریجنل اخبارات کو ادائیگی نہیں کرتی تھی جس کی ادائیگی صرف مخصوص اخبارات کو ہی ہوا کرتی تھی اور لوکل اور ریجنل اخبارات کے پیسے وہ اشتہارات کی ایجنسیاں ہڑپ کر جاتی تھی جس کی وجہ سے لوکل / ریجنل اخبارات شدید معاشی بدحالی کا شکار ہو چکے تھے اسی طرز پر ملک کے دوسرے صوبوں میں بھی APRNS اس غیر منصفانہ مروجہ طریقہ کار کے خلاف آئینی وقانونی جنگ جاری رکھنے کا عزم کیے ہوئے ہیں۔ نیشنل پریس کلب کراچی کے صدر محمد افضل وارثی نے مزید کہا کہ APRNS وہ واحد پلیٹ فارم ہے جس کے سربراہ جی ایم جٹ نے صحافیوں اور اخبارات کے معاشی قتل کو روکنے کے لیے عملی جہاد کیا ہم ان اور انکی ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں

بقیہ 19

ہٹانے کی درخواست پر سماعت کی، دوران سماعت عدالت نے استفسار کیا کہ دوسری پٹیشن کس طرح سنی جا سکتی ہے؟ جس پر وکیل نے کہا کہ اس میں دو استدعا کی گئی ہیں۔ عدالت نے کہا کہ آپ پارٹی چیئرمین کو ہٹانے کے کس طرح متاثرہ فریق ہیں؟ جس پر وکیل نے موقف اپنایا کہ میں ایک ووٹر اور ملک کا شہری ہوں۔ لاہور ہائیکورٹ ریمارکس دیئے کہ آپ کو اعتراض ہے تو کسی دوسری پارٹی میں چلے جائیں، آپ کی یہ پہلی پٹیشن ہے، جس پر وکیل نے جواب دیا کہ جی یہ میری پہلی پٹیشن ہے۔ بعدازاں عدالت نے عمران خان کو پارٹی عہدے سے ہٹانے کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔ بتایا گیا ہے کہ اس حوالے سے درخواست شہری محمد جنید نے ایڈووکیٹ آفاق احمد کی وساطت سے دائر کی، درخواست میں عمران خان اور چیف الیکشن کمیشن سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے، درخواست میں مؤقف اختیار کیا گیا کہ الیکشن کمیشن عمران خان کو این اے 95 میانوالی سے نااہل قرار دے چکا ہے، الیکشن کمیشن نے 7 دسمبر 2022ء کو عمران خان کے خلاف قانون کاروائی کا آغاز کیا، توشہ خانہ کے حقائق چھپانے پر الیکشن کمیشن نے 21 اکتوبر 2022ء کو عمران خان کو نااہل قرار دیا۔ درخواست میں کہا گیا کہ اس سے قبل نواز شریف کو بھی عدالت نااہل کرچکی ہے، جس کے بعد نواز شریف پارٹی صدر نہیں رہے، نااہلی کے بعد کوئی پارٹی ہیڈ نہیں رہ سکتا، الیکشن کمیشن سے رجوع کیا مگر عہدے سے ہٹانے کی درخواست پر کوئی کارروائی نہیں کی گئی، اس لیے عدالت عمران خان کو چیئرمین تحریک انصاف کے عہدے سے ہٹانے کا حکم دے۔

بقیہ 20

سے اس عمارت کا ہمسایہ ہوں، پیدل جاتا ہوں، پیدل آتا ہوں، ہمیشہ سوچا کہ اندر کیا ہوتا ہے، میں چیزیں قانون کے طریقے سے دیکھتا ہوں سیاست کے طریقے سے نہیں، میں نے 2 دفع حلف اٹھایا ہے، ہم آئین کے ساتھ کھڑے ہیں، اللہ کے بعد اس کتاب کا سایہ ہے ہم پر۔ جسٹس قاضی فائز عیسی نے کہا کہ ہم کبھی کبھی دشمنوں سے اتنی نفرتیں نہیں کرتے جتنی اپنوں سے کرتے ہیں، ہمارا کام یہ ہے کہ جلد آئین اور قانون کے مطابق فیصلے کریں، آج کے وقت میں مفادات دیکھے جاتے ہیں، قائداعظم اور علامہ اقبال نے ایک خواب دیکھا، دنیا بھر میں مسلمانوں کا ملک وجود میں آیا، انگریز بہترین ایڈمنسٹریشن دے سکتے تھے، اب جو کچھ ہے ہمارا ہے۔ انہوں نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا قانون میرا میدان ہے، آپ تبصرے کر سکتے ہیں، تنقید کر سکتے ہیں، میں چیزیں قانون کی طرح دیکھتا ہوں، یہ اچھی بات ہے وزیراعظم نے 10 اپریل کو دستور کا دن قرار دیا، ہر آدمی اپنی اچھائی سوچتا ہے برائی نہیں، اپنے ادارے کی طرف سے کہنا چاہتا ہوں ہم بھی آئین کے محافظ ہیں، جو سیاسی باتیں ادھر کی گئیں ان سے میرا کوئی تعلق نہیں۔

بقیہ 21

صارف کا بل 500 تھا اسے 800 روپے اضافی رقم دینا ہوگی جبکہ جس کا سابقہ بل 1400 تھا اسے 3100 روپے بل دینا ہوگا، یہ اضافی رقم چار ماہ تک وصول کی جائے گی۔ اضافی رقم گیس مہنگی خریدنے کے باعث وصول کی جائیگی، نئے ٹیرف میں پروٹیکٹڈ گھریلو صارفین کی کیٹیگری متعارف کروا دی گئی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ نومبر سے فروری تک 0.9 ایم ایم بی ٹی یو تک گیس استعمال کرنے والے صارفین کو رعایتی نرخوں پر گیس فراہم ہوگی۔ سوئی ناردرن کا مؤقف ہے کہ نومبر تا فروری 0.9 ایم ایم بی ٹی یو سے زائد گیس استعمال کرنے والے صارفین سے اضافی رقم وصول کی جائے گی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ گیس بلوں میں اضافہ صرف صاحب استطاعت صارفین کیلئے ہے۔ دوسری جانب ترجمان سوئی سدرن نے بھی کہہ دیا کہ گیس ٹیرف بڑھنے کے سبب اضافی بلز وصول کئے جا رہے ہیں، جنوری اور فروری کی واجب الادا رقم موجودہ اور اگلے ماہ وصول ہوگی

بقیہ 22

پوائنٹ پر مفت آٹے کی بروقت فراہمی کو یقینی بنایا جارہا ہے، تاکہ مستحقین کو مفت آٹے کے حصول کے لیے کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ڈپٹی کمشنر نارووال کی ہدایت پر تینوں اسسٹنٹ کمشنرز اپنی اپنی تحصیلوں میں مفت آٹے کی بروقت سپلائی اور فراہمی کی لحہ بہ لحہ مانیٹرنگ کر رہے ہیں، اس سلسلہ میں چھٹی کے روز بھی ٹیمیں فیلڈ میں متحرک رہی، اور ڈی ایف سی نارووال اس سلسلہ مقررہ پوائنٹس کا روزانہ پر آٹے کی سپلائی کا جائزہ لے رہے ہیں۔ اے ایف سی نارووال کہا کہ ضلع نارووال میں مجموعی طور پر مقرر کردہ ٹارگٹ 7 لاکھ 6 ہزار 749 میں سے 1 لاکھ 35 ہزار 527 آٹے کے مفت تھیلے تقسیم کیے جا چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ رمضان پیکج کے تحت مفت آٹے کی تقسیم کا مقصد مستحق افراد کو ریلیف کی فراہمی ہے، آٹا پوائنٹس پر لوگوں کی سہولت کا زیادہ سے زیادہ خیال رکھا جارہا ہے

بقیہ 23

کرنے والوں کو قانون کے مطابق جرمانہ عائد کیا گیا اور وارننگ دی گئی

بقیہ 24

زیر انتظام پلی سٹاپ پر مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنماوں کے اعزاز میں ایک افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا جس میں مسلم لیگ کے سنئیر امیدوار این اے 59، پی پی 10۔ چیرمین آئیسکو انجنئیر قمر اسلام راجہ، پی پی 13 کے امیدوار ن جمشید خان، چوہدری آصف علی ایڈووکیٹ سابق جاظم کوٹھہ کلاں چوہدری جاوید اختر پی پی 13 کے آرڈینٹر ملک مشتاق افضل، مورگاہ خصاحتی کمیٹی کے صدر، خطیب جامع مسجد آرمی آفیسر کالونی مفتی سراج الحق درانی، راجہ راشد، ذوالفقار پروگرام منتظین خصوصی کاوش، ملک عالم بیگ، افطار سے قبل ملک کی سلامتی کیلئے خصوصی دعا کی گئی اے اللہ ہمارے ملک کو سلامت رکھے اور نظر بد سے بچائے اور بیرونی لاحق خطرات سے محفوظ رکھے امین

بقیہ 25

اہم حصوں اور تاریخ کو فوری طور پر تعلیمی نصاب میں شامل کررہے ہیں۔ انہوں نے آئین پاکستان کی 50 ویں سالگرہ پر قومی خبر رساں ادارے میڈیا سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آئین پاکستان کی 50ویں سالگرہ منانا نہایت خوش آئند ہے اور وہ پوری قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

بقیہ 26

شریف نے توہین عدالت کی تو کٹہرے میں ہوں گے، شہباز شریف کے ساتھ وہی ہوگا جو یوسف رضا گیلانی کے ساتھ ہوا تھا۔ سیکرٹری فنانس چھٹی پر چلے گئے ہیں، سیکرٹری نے آئین شکنی اور توہین عدالت سے انکار کیا، ملکی معیشت بالکل بیٹھ گئی ہے اور عام آدمی کی زندگی متاثر ہو کر رہ گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے دور میں معاشی شرح نمو6 فیصد تھی اور 0.4 فیصد ہے۔ پی ٹی آئی دور میں مہنگائی 13 فیصد تھی اور اب 35 فیصد سے زیادہ ہو چکی ہے، موجودہ صورتحال عام آدمی نے سب سے زیادہ قیمت ادا کی ہے۔ سابق وزیر خارجہ نے بتایا توڑ پھوڑ کیس میں پراسکیوشن کے پاس ٹھوس ثبوت نہیں ہیں، پرسکیوشن نے مجھے ذمہ دار ٹھہریا جبکہ میں موقع پر موجود نہیں تھا۔ قبل ازیں پی ٹی آئی فواد چوہدری کا کہنا تھا کہ سپریم کورٹ وزیراعظم کو توہین عدالت میں نااہل کرے گی یا ادارہ ختم ہو جائیگا، ہمارا مقابلہ فسطائیت سے ہے، جس کو ختم کرنے میں وقت لگے گا، ہمارے پاس دو ہی آپشنز ہیں الیکشن ہوں یا تحریک چلائیں۔ انہوں نے کہا آئین اور قانون کو دیکھتے ہیں تو الیکشن ہونے چاہئیں، ان لوگوں نے آئین ہی ختم کر دیا ہے، پارلیمنٹ کا دائرہ اختیار بھی انہوں نے ختم کردیا ہے۔ سابق وفاقی وزیر نے الزام عائد کیا کہ حکومت سپریم کورٹ کے حکم کی خلاف ورزی کر رہی ہے سپریم کورٹ وزیراعظم کو توہین عدالت میں نااہل کرے گی یا ادارہ ختم ہوجائے گا، دونوں چیزیں اکٹھی تو نہیں چل سکتی ہیں۔

بقیہ 27

آ گئے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ان لوگوں کے لیے جو طنز نہیں سمجھتے یہ پوری کہانی جھوٹ ہے۔ مجھے کسی نے ہائر کیا نہ میں اپنی رائے دینے کے سوا کوئی کام کرتا ہوں۔ خیال رہے کہ چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان نے کہا ہے کہ میرے خلاف سازش امریکا نہیں، پاکستان سے ہی شہباز شریف کو لانے کیلئے کی گئی، عمران خان نے ویڈیو لنک کے ذریعے خطاب میں اپنی حکومت گرنے کا ایک سال مکمل ہونے پر پی ڈی ایم حکومت کیخلاف وائٹ پیپر جاری کرتے ہوئے کہا کہ آج سے ایک سال پہلے میں اپنی ڈائری اٹھا کر وزیراعظم ہاؤس سے نکلا، مجھے نکالنے کے پیچھے ایک بہت بڑی سازش تھی، میرے خلاف سازش نکالنے سے ایک سال پہلے شروع ہوئی، میں مڈل ایسٹ کے ایک سربراہ کو مل رہا تھا اس نے مجھے سازش کے بارے بتایا، اس نے بتایا کہ تمہارا آرمی چیف تمہارے خلاف سازش کررہا ہے۔ عمران خان نے کہا کہ میں بڑا حیران ہوا کہ ہم تو ایک پیج پر ہیں، میں سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ ایسا کر سکتے ہیں، جب میں نے جائزہ لیا تو پھر پتا چلا کہ کس طرح کی سازش ہوئی، ایک کردار جو ماسٹر مائنڈ تھا اس کی آہستہ آہستہ سمجھ آئی، یہ میری جگہ شہباز شریف کو لانا چاہتے تھے، باجوہ کی ڈیل ہو چکی تھی، شہباز شریف کو کیسز میں سزا ہونے والی تھی۔ ساری سازش باجوہ نے ایکسٹینشن کیلئے کی، بعد میں پتا چلا انہوں نے حسین حقانی کو میرے خلاف ہائر کیا۔

بقیہ 28

کا مقدمہ درج کیا، قاتلانہ حملے کے منصوبے کے پیچھے کارفرما عناصر کو بے نقاب کرنے کے لئے عامر شہزاد ایک کلیدی گواہ تھا۔ ٹوئٹر پر جاری اپنے بیان میں عمران خان نے کہا کہ عمران خان جے آئی ٹی کے ریکارڈ کے ساتھ بھی چھیڑ چھاڑ کی گئی ہے، ڈاکٹر رضوان اور مقصود چپڑاسی سمیت شہباز شریف کے خلاف منی لانڈرنگ کے مقدمے کے دیگر تمام گواہان کی پراسرار اموات سب کے سامنے ہیں

بقیہ 29

(ایس بی پی) کی جانب سے موبائل فونز اور ان کے پرزوں کی درآمد پر غیر اعلانیہ پابندی کے باوجود دسمبر سے فروری کے درمیان موبائل فونز کی درآمد سے متعلق ساڑھے 86 ڈالر مالیت کے 52 گڈز ڈیکلریشنز (جی ڈی) کلیئر کیے گئے، یہ موبائل فون مکمل طور پر تیار شدہ (سی بی یو) حالت میں درآمد کیے گئے۔ ایف بی آر نے نشاندہی کی کہ صرف 14 لاکھ 60 ہزار ڈالر پاکستان سے باہر بینکنگ چینل کے ذریعے قانونی طور پر ادا کیے گئے جبکہ 71 لاکھ 90 ہزار ڈالر غیر قانونی طور پر ادا کیے گئے تاہم ایف بی آر نے ان موبائل فونز کی درآمد کے لیے دبئی میں مقیم فراہم کنندگان کو ادائیگیوں کے طریقہ کار کا ذکر نہیں کیا۔ خیال رہے کہ گڈز ڈیکلریشنز (جی ڈی) ایک آن لائن ڈیکلریشن فارم ہوتا ہے

بقیہ 30

ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ زراعت، موٹ میکڈونلڈ پاکستان کمپنی ٹیم سمیت دیگر افسران نے شرکت کی اس موقع پر راولپنڈی کی ضلعی انتظامیہ سمیت تحصیل گوجر خان کے انتظامی امور دیکھنے والے افسران اور کامرس افسران موجود تھے جبکہ اجلاس میں شہریوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی اجلاس میں میکڈونلڈ پاکستان کمپنی کے کنسلٹنٹ نے پیری اربن سٹرکچر کے تجاویز بارے میں تفصیلی پریزنٹیشن دی۔ انھیں اب نئی شہری حدود و قیود کے بارے میں بتایا بعدازاں کنسلٹنٹ اور آر ڈی اے افسران نے پیری اربن بارے سوالات کے جوابات بھی دیئے انہوں نے مزید کہا کہ عوام الناس سے التماس ہے کہ تحصیل گوجر خان پیری اربن سے متعلق اگر کوئی اعتراضات یا تجاویز ہیں تو ڈائریکٹر میٹروپولیٹن پلاننگ محمد طاہر میو اور اسسٹنٹ کمشنر کے دفاتر میں اگلے سات دن کی اندر اندر جمع کرائے جاسکتے ہیں تاکہ اعتراضات اور تجاویز کو پلان میں شامل کیا جاسکے۔ اس حوالے سے مزید معلومات کے لیے ڈائریکٹر میٹروپولیٹن پلاننگ سے آفس ٹائم میں اس فون نمبر 5554043-051 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ اس ضمن میں انہوں نے مزید کہا کہ شفافیت کو مدنظر رکھتے ہوئے راولپنڈی کی چار تحصیلوں گوجر خان، کلر سیداں، ٹیکسلا اور کہوٹہ کے پیری اربن سٹرکچر پلان کو جلد از جلد مکمل کیا گیا ہے اور آر ڈی اے ویب سائٹ www.rda.gop.pk پر اپ لوڈ کر دیے گئے ہیں

بقیہ 31

ہوئے کہا کہ گراں فروشی کرنے اور کسی جیب پر ڈاکہ مارنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی خودساختہ مہنگائی کر کے ناجائز منافع کمانے والے اپنا قبلہ درست کرلیں انکے خلاف سخت سے سخت کاروائیاں عمل میں لائی جائیں گی شہری ایسے عناصر کی نشاندہی کریں تاکہ انکی سرکوبی کی جاسکے

بقیہ 32

رہی ہے کہ صرف الیکشن کرا۔ انہوں نے مزید کہا کہ دو تین روز میں پاکستان واپس آ کر پریس کانفرنس کروں گا۔ یاد رہے کہ سربراہ عوامی مسلم لیگ شیخ رشید ان دنوں عمرے کی ادائیگی کیلئے سعودی عرب میں موجود ہیں۔

بقیہ 33

نام بھی پبلک کرنے کی ہدایت کی ہے، تحائف دینے والے ممالک کے نام پبلک کرنے کا سنگل بنچ کا فیصلہ قانونی طور پر درست نہیں ہے، اس لیے استدعا کی جاتی ہے کہ سنگل بنچ کا1990ء سے 2001ء تک کا ریکارڈ پبلک کرنے اور ممالک کے نام پبلک کرنے کے فیصلے کو کالعدم قرار دیا جائے۔ خیال رہے کہ لاہور ہائی کورٹ کے سنگل بینچ نے1990ء سے 2001ء تک توشہ خانہ کی تفصیل پبلک کرنے کا حکم دیا تھا، جسٹس عاصم حفیظ نے شہری کی درخواست پر فیصلہ جاری کیا، 23 مارچ کو جاری کیے گئے تحریری فیصلے میں عدالت نے کہا تھا کہ حکومت عدالتی حکم کی مصدقہ نقل کے 7 دن میں توشہ خانہ کا ریکارڈ پبلک کرے، حکومت 1990 سے 23 مارچ 2023 تک تحائف دینے والوں کا نام بھی 7 روز میں پبلک کرے، تحائف کی ملکیت حکومت کے پاس ہوتی ہے، یہ تب تک حکومت کے پاس ہوتے ہیں جب تک انہیں لینے کا طریقہ نہ اختیار کیا جائے۔ عدالتی فیصلے میں کہا گیا کہ تحائف کا چھپانا یا اس کی قیمت ادا نہ کرنا غلطی ہے جو خرابی کی رغبت دیتی ہے، توقع کی جاتی ہے کہ جنہوں نے تحائف لئے وہ رضا کارانہ انہیں ڈکلیئر کریں، ایسا نہ کرنے والوں کے خلاف فوجداری ایکشن ہوسکتا ہے، قانون سے کوئی بالاتر ہے اور نہ کسی کو اپنے فائدے کیلئے ریاست کو نقصان پہنچانے کی اجازت ہے، تحائف دینے والے کی شناخت نہ کوئی اسٹیٹ سیکرٹ ہے اور نہ ہی کوئی مقدس معلومات، اس کیلئے استثنیٰ مانگنا نوآبادیاتی ذہنیت کے علاوہ کچھ نہیں، صرف توشہ خانہ کی معلومات عوام سے شیئر کرنے عالمی تعلقات خراب نہیں ہوں گے۔

بقیہ 34

عمران خان کو اپیل اور تجویز دیتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ نظریاتی کارکنوں کو آگے آنے سے روکا جائے گا تو یہ کارکنوں کیساتھ زیادتی ہے کہ پی ٹی آئی کی مقبولیت میں مخصوص لوگوں کی ہی نہیں بلکہ تمام کارکنوں کا خون، پسینہ، قربانیاں اور کاوشیں شامل ہیں۔ عمران خان ذاتی طور پر مانیٹرنگ ٹیم بنائیں جو رپورٹ کرے کہ پارٹی میں کوئی عہدیدار عہدے کا ناجائز فائدہ اُٹھا کر پارٹی کی مقبولیت کو نقصان تو نہیں پہنچا رہا؟ یا ٹکٹوں کی تقسیم میں کسی کیساتھ کوئی زیادتی تو نہیں ہو رہی؟ کیا ٹکٹیں انہیں پرانے لوگوں کو ملیں گی جنہیں پہلے مل چکی تھیں؟ نئے لوگوں کی کاوشیں اور قربانیاں رائیگاں تو نہیں جا رہیں؟ یہ وہ سب باتیں ہیں کہ جن کیلئے عمران خان کو ذاتی مانیٹرنگ ٹیم بنانی چاہئیں۔

بقیہ 35

انتظامات کے لیے 16 کروڑ 30 لاکھ ڈالر فراہم کرنے کی منظوری دی گئی ہے، اس سال درخواست دینے والے تمام افراد حج کی سعادت حاصل کریں گے اور رواں برس کل 72 ہزار 869 افراد حج ادا کریں گے۔ ادھر دوسری جانب سعودی عرب کی وزارت حج وعمرہ نے غیر ملکی زائرین کی خدمات فراہم کرنے والے اداروں کے لیے قوانین میں ترمیم کردی ہے، وزارت حج وعمرہ نے غیر ملکی عازمین کے لیے خدمات فراہم کرنے والوں کے قانون کے کچھ آرٹیکلز میں ترامیم کو حتمی شکل دے دی ہے، جو عازمین کو فراہم کی جانے والی خدمات کو بہتر بنانے میں اپنا کردار ادا کرتے ہوئے تازہ ترین پیش رفت کے تحت ہے۔ ترامیم کے مسودے میں کہا گیا ہے کہ غیر ملکی زائرین کے لیے خدمات فراہم کرنے والے اداروں کی جانب سے سروس فراہم کرنے والی کمپنیاں قائم کرنا لازمی نہیں ہے بلکہ یہ معاملہ اختیاری ہوگا، ترامیم کے مسودے میں طواف تنظیموں کے مالکان اور کمپنیوں کے ناموں سے متعلق تعریفیں حذف کردی گئی ہیں، ترمیم میں اس جملے کو حذف کرنا بھی شامل ہے کہ "انفرادی اداروں سے کمپنیوں میں تبدیل ہونے کے لیے ان کے کیپٹلائزیشن اور گورننس کے ذریعے طواف کی تنظیموں کی تنظیم نو کرنا"۔ ترمیم سے اس متن کو بھی حذف کردیا گیا ہے کہ ہر طواف تنظیم اور یونائیٹڈ اسٹیبلشمنٹ فار گائیڈز مشترکہ اسٹاک کمپنی کی شکل اختیار کریں گی

بقیہ 36

ذخیرہ کی گئی سات سو پچاس بوری چینی پکڑ کر گودام کو سیل کر کے غیر قانونی طور پر ذخیرہ کی جانے والی چینی کی سینکڑوں بوریاں قبضہ میں لے لیں ہیں اسسٹنٹ کمشنر راشد اقبال نے کہا ہے کہ ذخیرہ اندازی کر کے مہنگی اشیائے خورد نوش فروخت کرنے والوں کے خلاف کاروائیاں جاری رہیں گی

بقیہ 37

میں مطلوب02 اشتہاری مجرمان غلام رسول اور حسنین کو گرفتار کرلیا، رتہ امرال پولیس نے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم امجد کو گرفتار کرلیا، اشتہاری مجرمان گزشتہ سالوں سے راولپنڈی پولیس کو مطلوب تھے، ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی کا کہنا تھا کہ اشتہاری مجرمان کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 38

بڑھادی۔ پولیس کے گھراؤ اور تعاقب پر ملزمان نے کار چھوڑ کر پولیس پارٹی پر فائرنگ کر دی۔ فائرنگ کے تبادلے کے دوران چار ملزمان اپنے ساتھیوں کی فائرنگ کی زد میں آ کر ہلاک ہوگئے۔ ہلاک ملزمان کی شناخت ان کی جیبوں سے برآمد شناختی کارڈ کی کاپیوں سے ہوئی۔ پولیس نے ملزمان کے زیر استعمال کار بھی قبضے میں لے لی جو اغوا کی واردات میں استعمال ہوئی تھی اور پولیس کو بھی مطلوب تھی۔ واضح رہے کہ خان پور میں اغوا کاروں نے سابق ایم ایس تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال خان پور ڈاکٹر حسن محمود کے بچوں کو گزشتہ ہفتے صبح اسکول جاتے ہوئے راستے سے اغوا کیا تھا۔ بچوں کی والدہ بھی ڈاکٹر ہیں، 11 سالہ شایان اور 7 سالہ سبحان گاڑی پر ڈرائیور کے ساتھ اسکول جارہے تھے کہ راستے میں ڈاکوؤں نے روک کر اغوا کرلیا۔ اغوا کیے جانے کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی، جس میں 3 اغوا کار دیکھے جا سکتے ہیں۔ واقعے کے بعد شہر میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ بعدازاں پولیس نے 2 بچوں کو بہاولپور سے بازیاب کروالیا تھا۔ مغوی بچوں کے والد ڈاکٹر حسن محمود کے مطابق پولیس ٹیم نے میری فیملی کے ساتھ بچوں کی ویڈیو کال کے ذریعے بات کروائی۔۔ انہوں نے بچوں کی بازیابی پر اللہ کا شکر ادا کیا، بچوں کی بازیابی کی خبر ملتے ہی شہری بڑی تعداد میں مبارک باد دینے ڈاکٹر حسن محمود کے گھر پہنچے۔

بقیہ 39

آئی حکومت کو ٹھہراتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی ملک کے اندر اور بیرونی دنیا میں بھی پاکستان کو بدنام کرنے کی کوشش کررہی ہے، پی ٹی آئی حکومت نے آئی ایم ایف معاہدے کی خلاف ورزی کر کے ملکی معیشت کو نقصان پہنچایا۔ موجودہ حکومت آئی ایم ایف پروگرام مکمل کرنے کیلئے پرعزم ہے، آئی ایم ایف سے اسٹاف لیول معاہدہ جلد طے پا جائے گا۔ موجودہ معاشی صورتحال پی ٹی آئی کی ناقص پالیسیوں کا نتیجہ ہے، عالمی سطح پر اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ہو چکا ہے۔ یاد رہے کہ وفاقی کابینہ نے الیکشن کمیشن کو پنجاب انتخابات کیلئے فنڈز فراہمی کا معاملہ پارلیمنٹ کو بھیجنے کی منظوری دے دی، وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس ہوا، اجلاس میں موجودہ سیاسی صورتحال اور پنجاب انتخابات کیلئے فنڈز فراہمی کا معاملہ زیر غور آیا

بقیہ 40

کے مطابق کے پی کے الیکشن سے متعلق درخواست واپس لینے کے لیے رجسٹرار آفس میں تحریری درخواست دائر کی جائے گی۔ کے پی الیکشن سے متعلق درخواست کا تاحال رجسٹرار آفس نے نمبر ہی نہیں لگایا۔ 6 اپریل کو پاکستان تحریک انصاف نے خیبر پختونخوا میں انتخابات کی تاریخ نہ دینے پر سپریم کورٹ سے رجوع کر لیا تھا۔ خیبر پختونخوا میں الیکشن کرانے کے لیے سپریم کورٹ میں درخواست دائر کی گئی تھی۔ درخواست میں الیکشن کمیشن اور گورنر خیبر پختونخوا کو فریق بنایا گیا۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ گورنر خیبر پختونخوا یکم مارچ کے عدالتی حکم پر عمل نہیں کر رہے۔ آئین کے مطابق 90 دن میں انتخابات ضرور ہیں۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ سپریم کورٹ گورنر خیبر پختونخوا کو انتخابات کی تاریخ دینے کا حکم دے۔ تمام وفاقی اور صوبائی اداروں کو الیکشن کے لیے الیکشن کمیشن سے تعاون کا حکم دیا جائے۔ الیکشن کمیشن کو انتخابات کی تاریخ ملتے ہی فوری شیڈول جاری کرنے کی ہدایت کی جائے۔ دوسری جانب الیکشن کمیشن آف پاکستان (ای سی پی) نے سپریم کورٹ کے حکم کی روشنی میں پنجاب میں چودہ مئی کو انتخابات کے انعقاد کے لیے شیڈول جاری کر دیا ہے۔ ای سی پی کی طرف سے بدھ کے روز جاری کیے گئے شیڈول کے مطابق کاغذات نامزدگی کے خلاف اپیلیں دس اپریل تک دائر کی جا سکتی ہیں جبکہ امیدوار انیس اپریل تک اپنے کاغذات نامزدگی واپس لے سکتے ہیں۔ امیدواروں کو بیس اپریل کو انتخابی نشان الاٹ کر دیے جائیں گے اور چودہ مئی کو پولنگ ہوگی۔ الیکشن کمیشن کی طرف سے یہ شیڈول سپریم کورٹ کے فیصلے کے صرف ایک دن بعد جاری کیا گیا ہے۔

بقیہ 41

قانون سے بالاتر نہیں قانون شکنی پر سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی

بقیہ 42

پر مبنی 1973 کے آئین کی منظوری پاکستان کی سیاسی تاریخ کا ہمیشہ یاد رکھنے والا لمحہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین میں بیان کردہ اصول اسلامی، وفاقی، جمہوری اور پارلیمانی پاکستان کی عکاسی کرتے ہیں اور یہ وہی اصول تھے جن کا خاکہ قائداعظم محمد علی جناح نے 11 اگست 1948 کو پاکستان کی پہلی دستور ساز اسمبلی سے اپنے پہلے خطاب میں کیا تھا۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے بانی شہید ذوالفقار علی بھٹو کی قیادت کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ ان کی سیاسی پختگی اور دانشمندی تھی جس نے قوم کو یہ مقدس دستاویز عطا کی۔ انہوں نے کہا کہ آئین قومی اتحاد اور سیاسی اتفاق رائے کا منفرد نمونہ ہے جس پر عمل پیرا ہو کر ملک کو سیاسی، معاشی اور سماجی چیلنجز سے نکالا جاسکتا ہے۔

بقیہ 43

طلب کرلیا ہے۔ اسلام آباد پولیس نے عمران خان کو 2 مقدمات میں 11 اپریل اور 7 کیسز میں 12 اپریل کو بلایا ہے، وفاقی پولیس نے عمران خان کو شامل تفتیش ہونے کے لئے نوٹسز بھجوا دیئے ہیں، تمام نوٹسز عمران خان کی رہائش گاہ زمان پارک بھجوائے گئے ہیں۔ تھانہ رمنا میں درج مقدمے میں عمران خان کو 2 مقدمات میں 11 اپریل کو طلب کیا گیا ہے جبکہ پولیس لائنز میں بھی 11 اپریل کو 12 بجے بلایا گیا ہے، اس کے علاوہ چیئرمین پی ٹی آئی کو سی ٹی ڈی میں درج مقدمے میں بھی طلب کرلیا گیا ہے۔ عمران خان کو 12 اپریل کو تھانہ کھنہ میں درج مقدمے میں طلب کیا گیا اور انہیں اپنے ہمراہ تمام دستاویزات لانے کی ہدایات بھی کی گئی ہے۔ نوٹسز میں کہا گیا ہے کہ عمران خان پیش ہو کر اپنا موقف دیں، پیش نہ ہونے کی صورت میں قانونی کارروائی ہوگی

بقیہ 44

پابندیوں میں نرمی کے بعد پاکستان سے مزید وفود ملاقاتوں کے لیے چین کا سفر کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ سال خاص اہمیت کا حامل ہے کیونکہ یہ بیلٹ اینڈ روڈ انیشیٹو کی 10ویں سالگرہ ہے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) نے گزشتہ دہائی کے دوران پاکستان کے معاشی صورتحال پر مثبت اثرات مرتب کیے ہیں۔

بقیہ 45

استعمال کیا گیا ہے۔ سفید سنگ مرمر کے 480 مختلف سائز کے پتھر ہیں جن کو سائز کے مطابق کاٹ کر سکھ مذہب کے رسم ورواج کے مطابق ان پر نقش ونگار بنائے گئے اور گورمکھی میں گورونانک دیو کے اقوال کندہ کیے گئے ہیں۔ بھارت سے پتھر کے تحفہ ملنے کے بعد امید ہے کہ گوردوارہ ڈیرہ صاحب کی تزئین وآرائش کا کام جو کہ بھارت سے آئے بابا گورمیت سنگھ اور دیگر کاریگر کر رہے ہیں، جلد مکمل کرلیا جائے گا، متروکہ وقف املاک بورڈ اور پاکستان سکھ گوردوارہ پربندھک کمیٹی نے بھی اس میں خطیر رقم خرچ کی ہے۔ دوسری جانب بھارت سے سکھ یاتری پنجاب کے مختلف گوردواروں میں 10 روزہ بیساکھی تہوار کی تقریبات میں شرکت کے لیے اتوار کو لاہور پہنچے ہیں

بقیہ 46

پیسے سے کراتے ہیں تصاویر بنوانے سے بھی گریزاں رہتے کسی طرح یہ تصویر کھینچی کسی دوست نیتواحی گاؤں ڈھیسیاں کا یہ دل موہ لینے والا منظر ہے۔ یہاں کے نوجوان رقم جمع کر کے علاقے بھر کے یتیم بچوں کو عید کی خریداری کے لیے لے جاتے ہیں۔ ان بچوں کو انکی پسند کے جوتے کپڑے خرید کر دیئے جاتے ہیں۔۔ کتنا خوبصورت احساس ہوتا ہے ایک بچے کے لئے خود جانا اور پسند کا جوتا خریدنا یہ ایک گاؤں کی روایت ہے۔ آپ بھی اپنے علاقے میں اپنا سکتے ہیں۔ اپنے بچوں کے ساتھ ساتھ ایک ایک یتیم کی عید خریداری۔ ڈھونڈیں گے تو بہت سے یتیم ملیں گے۔ جنہیں عید پریوں نئے کپڑے اور جوتے نصیب نہیں ہوتے۔۔ ہمارا ان نوجوانوں کو سلام۔

بقیہ 47

اور مجرمانہ غفلت کا شکار ہوئے لیکن ہم نے وہ منصوبے مکمل کیے، اب تھر کا کوئی منصوبہ زیر تعمیر نہیں۔ انہوں نے کہا کہ تھرکول سے 3300 میگاواٹ بجلی حاصل ہو رہی ہے، دوسری ٹرانسمیشن لائن پر بھی 88 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے آئندہ 4 ہفتوں میں یہ منصوبہ بھی مکمل ہو جائے گا اور انرجی مکس میں پاکستان کے کوئلے سے پیدا ہونے والی بجلی شامل کی جائے گی۔

بقیہ 48

میں ملک بھر کی مساجد میں اعتکاف بیٹھنے کے لئے خصوصی انتظامات جاری کیے گئے ہیں گھروں اور مساجد میں خصوصی تیاریاں کی گئی ہیں آخری عشرے میں مسلمان اعتکاف کی سعادت حاصل کرتے ہیں، اللہ تعالی کی قربت اور لیلۃ القدر کی تلاش میں پاکستان بھر میں لاکھوں فرزندان اسلام 20 رمضان المبارک کو اعتکاف بیٹھنے کی سعادت حاصل کریں گے۔ عیدالفطر کا چاند نظر آنے کے بعد اعتکاف ختم کیا جائے گا۔ مساجد میں اعتکاف میں بیٹھیں گے اعتکاف بیس رمضان المبارک کو نماز عصر کے بعد سے شروع ہو کر عیدالفطر کا چاند نظر آنے تک جاری رہتا ہے۔ اعتکاف کے دس دن معتکفین حضرات تلاوت قرآن پاک، ذکر واذکار اور نوافل کی ادائیگی اور اللہ تعالی کے حضور گناہوں سے بخشش کی دعائیں کریں گے محکمہ اوقاف کے زیر انتظام مساجد میں بھی ہزاروں افراد اعتکاف میں بیٹھتے ہیں رمضان المبارک کا تیسرا عشرہ شروع ہوتے ہی مساجد میں رش پہلے سے بہت بڑھ جائیگا طاق راتوں میں معتکفین خصوصی عبادت کریں گے

بقیہ 49

1069 پریذائیڈنگ آفیسرز اور 3550 اسسٹنٹ پریذائیڈنگ آفیسرز اور پولنگ آفیسرز شامل ہیں کی ٹریننگ کیلئے الیکشن کمیشن سے ہدایات موصول ہوتے ہی تحصیل سطح پر شروع کردی جائے گی۔ نورالخطاب نے کہا کہ الیکشن کمیشن اٹک عوام تک معلومات پہنچانے کیلئے صحافیوں سے مکمل رابطے میں ہے اور میڈیا کو بروقت آگاہ کرنے کیلئے ضلع اٹک کے فعال ورکنگ جرنلسٹس کا واٹس گروپ بھی تشکیل دیدیا گیا ہے

بقیہ 50

رٹ کو چیلنج کرنیوالے دہشتگردوں کو سر چھپانے کی جگہ نہیں ملے گی۔ نگران وزیراعلی نے مزید کہا کہ دہشتگردوں کے سہولت کاروں کو بھی قانون کے شکنجے میں لایا جائے گا، پولیس کی ٹیم نے بچوں کو جلد بازیاب کرا کر پروفیشنل ازم کا مظاہرہ کیا، اجلاس میں چیف سیکرٹری، آئی جی، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ، جوائنٹ ڈی جی انٹیلی جنس بیورو، سی ٹی ڈی، سپیشل برانچ اور آپریشنز پنجاب کے ایڈیشنل آئی جیز سمیت دیگر اداروں کے متعلقہ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 51

، ڈولفن فورس، محافظ سکواڈ نے شرکت کی، ایس ایس پی آپریشنز نے افسران کی کارکردگی کا جائزہ لیا اور ہدایات دیں، ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) عامر خان نیازی کا کہنا تھا کہ گشت کے نظام کو مزید موثر بناتے ہوئے جرائم کی روک تھام کے لیے تمام اقدامات کیے جائیں، منشیات فروشی اور سٹریٹ کرائم کی روک تھام میں ڈولفن فورس اور محافظ سکواڈ کی کارکردگی کا مسلسل جائزہ لیا جائے گا، اہم مقامات پر سنیپ چیکنگ اور پیٹرولنگ کو مزید موثر بنایا جائے، منظم اور متحرک گینگ کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری رکھا جائے، شہریوں کی جان ومال کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے ڈولفن اور محافظ سکواڈ کا کردار بہت اہم ہے جس کے لیے راولپنڈی پولیس 24/7 مصروف عمل ہے، ایس ایس پی آپریشنز نے اچھی کارکردگی دکھانے والے افسران کو تعریفی سرٹیفکیٹ سے نوازا۔

بقیہ 52

کیا جائے، منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے منشیات فروشوں کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی

بقیہ 53

میں گیا لیکن واپس نہ آیا، جس پر اسکے رشتہ داروں دوستوں سے پوچھا لیکن اس کا کوئی سراغ نہ مل سکا اور موبائل فون بھی بند مل رہا ہے۔ خاتون نے شبہ ظاہر کیا ہے کہ اسکے خاوند کو نامعلوم ملزمان نے اغواء کرلیا ہے، جس پر پولیس نے مقدمہ درج کرلیا۔

بقیہ 54

کی تحریک پاکستان کیلئے عظیم خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔ اخبارات خصوصی ایڈیشن شائع کریں گے جبکہ پی ٹی وی اور نجی ٹی وی چینلز بھی خصوصی پروگرام نشر کریں گے۔ شاعر مشرق علامہ اقبال ممتاز قانون دان اور تحریک پاکستان کی اہم شخصیت تھے اور اردو اور فارسی کے ممتاز شاعر تھے۔ ڈاکٹر سر علامہ اقبال کو دور جدید کا صوفی شاعر سمجھا جاتا ہے ان کا بحیثیت سیاستدان اہم ترین کارنامہ نظریہ پاکستان کی تشکیل ہے جو انہوں نے 1930ء میں الہ آباد میں پیش کیا تھا علامہ اقبال کا پیش کردہ یہی نظریہ پاکستان کے قیام کی بنیاد بنا اسی وجہ سے سر علامہ اقبال کو پاکستان کا نظریاتی سرپرست مانا جاتا ہے وہ اگرچہ قیام پاکستان سے قبل ہی اس جہان فانی سے کوچ کر گئے تھے لیکن انہیں پاکستان کے قومی شاعر کی حیثیت حاصل ہے۔ بطور شاعر ان کی معروف ترین تصانیف میں بانگ درا، بال جبریل، ضرب کلیم، پیام مشرق اور دیگر قابل ذکر ہیں۔ وہ 21 اپریل 1938ء کو 60 برس کی عمر میں انتقال کر گئے تھے۔

بقیہ 55

کروانے والوں کو بعد میں غدار قرار دیا گیا، ان کی جماعت پر پابندیاں لگیں، آئین کی خلاف ورزی اور غیر جمہوری رویے پارلیمنٹ کو کمزور کریں گے، بدقسمتی یہ بھی ہے کہ 50 سال کے دوران 2 دہائیاں اس ملک میں آئین معطل رہا۔ اسفندیار ولی نے کہا کہ آئین شکنوں کے خلاف کوئی کارروائی نہیں ہوئی بلکہ کچھ سیاسی جماعتوں نے بھی ان کا ساتھ دیا، جب تک آئین اور پارلیمنٹ کو بالادست نہیں رکھا جائے گا، ملک میں جمہوری اقدار کمزور ہوتے رہیں گے۔

بقیہ 56

کو منشیات کا عادی بنا رہے تھے پولیس نے ڈی پی او شیخوپورہ کی خصوصی ہدایت پر فوری کارروائی کرتے ہوئے تین منشیات فروشوں کو حراست میں لے لیا جن کے قبضے سے سات کلوگرام چرس برآمد ہوئی ہے مجموعی طور پر پکڑی جانیوالی منشیات کی قیمت عالمی منڈی میں لاکھوں روپے بتائی جارہی ہے پولیس نے زیر دفعہ 9c کے تحت ملزمان کے خلاف مقدمات درج کرلئے ہیں

بقیہ 57

جنسی نافذ کر کے زخمیوں کو علاج و معالجہ کی بہترین سہولیات فراہم کی جائیں۔ انہوں ل ے کہا کہ شہر میں سیکیورٹی اقدامات کو مزید موثر بنایا جائے دہشت گرد عناصر اور ان کے سرپرستوں کے خلاف بھرپور کارروائی کی جائے۔

بقیہ 58

ہیلتھ یونٹس، کمیونٹی ہیلتھ سینٹرز اور ڈسپنسریوں کی تعمیر کا کام جاری ہے۔ ان اضلاع میں اب تک 50 سے زائد کمیونٹی ہیلتھ سینٹرز اور بنیادی صحت کے یونٹس قائم کیے جا چکے ہیں، جن میں پہلے سے قائم صحت کے مراکز کی تعمیر نو بھی شامل ہے۔ مزید برآں، فرنٹیئر کور نارتھ نے ان دور افتادہ علاقوں میں 100 سے زائد مفت میڈیکل کیمپس کا انعقاد کیا ہے، جس سے ہزاروں مریضوں کو مفت چیک اپ اور ادویات فراہم کر کے مستفید کیا جا رہا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ فرنٹیئر کور نارتھ ان علاقوں میں صحت کی بنیادی سہولیات فراہم کرنے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے انسداد پولیو مہم میں بھی اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ عوام سیکیورٹی فورسز کی فراہم کردہ خدمات سے خوش ہیں، انہوں نے علاقے میں صحت کے مراکز کی تعمیر پر ایف سی نارتھ کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ان علاقوں میں علاج معالجے کی سہولیات کی دستیابی کے بعد اب لوگ طویل سفر کیے بغیر مناسب طبی امداد حاصل کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا، "یہ فرنٹیئر کور نارتھ کی کمیونٹی کی خدمت کرنے اور ان کے معیار زندگی کو بہتر بنانے کی لگن کی ایک بہترین مثال ہے"

بقیہ 59

، ہماری اور ریاست کی بقا اب آئین پر عمل کرنے میں ہے۔

بقیہ 60

مدنظر رکھتے ہوئے دفعہ 144 نافذ کی گئی ہے، دفعہ 144 کا نفاذ آج سے دو ماہ تک ہوگا۔

بقیہ 61

نے گھنگ روڈ پر پہنچتے ہی پولیس پارٹی پر اندھا دھند فائرنگ کردی پولیس کی جوابی فائرنگ سے ایک ڈاکو موقعہ پر جاں بحق جبکہ دو شدید زخمی ہو گئے ہلاک ہونیوالے ڈاکو کی شناخت دلاور کے نام سے ہوئی جو ننکانہ صاحب کا رہائشی ہے گھنگ روڈ پر ڈاکوؤں اور پولیس کے درمیان مقابلہ آدھے گھنٹے تک جاری رہا پولیس نے زخمی ڈاکوؤں کو حراست میں لیکر تفتیش شروع کردی جبکہ مفرور ڈاکو کی تلاش تاحال جاری ہے۔

بقیہ 62

پیش رفت نہیں ہو رہی اس لیے ہم دوبارہ سے #UN_for_ArshadSharif کے ہیش ٹیگ کے ساتھ ایک مہم کا آغاز کر رہے ہیں۔ اس ہیش ٹیگ کو استعمال کرتے ہوئے اقوام متحدہ کو خطوط لکھے جائیں گے۔ یہ خط ارشد شریف کی ویب سائٹ سے بھی ڈاؤن لوڈ کی جاسکتا ہے۔ جویریہ صدیق نے طریقہ کار کی تفصیل بتاتے ہوئے کہا کہ خطوط اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل اور ان کے ترجمان کو ای میل بھی کیے جاسکتے ہیں

بقیہ 63

کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث تابی گینگ کے سرغنہ کو 03 ساتھیوں سمیت گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں گینگ کا سرغنہ آفتاب عرف تابی، حبیب، محمد شہزاد، اور فواد شامل ہیں، ملزمان سے چوری شدہ 11 موٹر سائیکل برآمد ہوئے، ایس پی راول فیصل سلیم نے گنجمنڈی پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی

بقیہ 64

ایس پیز کا کہنا تھا کہ ہوائی فائرنگ کرنے والوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی

بقیہ 65

کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ریاض کالا گینگ کے سرغنہ کو 02 ساتھیوں سمیت گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں گینگ کا سرغنہ ریاض عرف کالا، یشوا مسیح اور شان مسیح شامل ہیں، ملزمان سے چوری شدہ 07 موٹر سائیکل برآمد ہوئے، ایس پی راول فیصل سلیم نے صادق آباد پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ منظم و متحرک گینگ کے خلاف کاروائیوں میں تیزی لائی جائے گی۔

پنجاب انتخابات ریٹرننگ و ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسران کو مجسٹریٹ کے اختیار تفویض

الیکشن کمیشن نے پنجاب میں عام انتخابات کیلئے ریٹرننگ و ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسران کو مجسٹریٹ کے اختیار تفویض کردیئے ہیں

الیکشن کمیشن کے مطابق پنجاب میں ریٹرننگ و ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسران کو مجسٹریٹ درجہ اول کے اختیارات حاصل ہوں گے

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) پنجاب میں انتخابات کیلئے ریٹرننگ و ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسران کو مجسٹریٹ کے اختیار تفویض کردیئے گئے۔ پنجاب میں انتخابات کیلئے الیکشن کمیشن آف پاکستان نے تیاریاں شروع کردی ہیں، الیکشن کمیشن نے پنجاب میں عام انتخابات کیلئے ریٹرننگ و ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسران کو مجسٹریٹ کے اختیار تفویض کردیئے ہیں جس کا نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا گیا۔ الیکشن کمیشن کے مطابق پنجاب میں ریٹرننگ و ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسران کو مجسٹریٹ درجہ اول کے اختیارات حاصل ہوں گے۔ واضح رہے کہ سپریم کورٹ نے پنجاب اسمبلی کے عام انتخابات کیلئے 14 مئی کو پولنگ کا حکم دیا تھا، سپریم کورٹ نے الیکشن کمیشن کا 22 مارچ کا انتخابات ملتوی کرنے کا حکم کالعدم قرار دیتے ہوئے پنجاب کا الیکشن شیڈول کچھ ترامیم کے ساتھ بحال کیا تھا۔

اسلام آباد: پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس، پی ٹی آئی کا شدید احتجاج، عدلیہ پر حملہ نامنظور کے نعرے

اقتصادی رابطہ کمیٹی نے حج انتظامات کی منظوری دے دی

اس سال درخواست دینے والے تمام افراد حج کی سعادت حاصل کریں گے، اعلامیہ جاری

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) حج کے خواہش مند پاکستانیوں کے لیے خوشخبری ہے کہ اس سال درخواست دینے والے تمام افراد حج کی سعادت حاصل کریں گے، اس ضمن میں اقتصادی رابطہ کمیٹی نے حج انتظامات کی منظوری دے دی۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار کی زیر صدارت اقتصادی رابطہ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس کے بعد وزارت خزانہ کی جانب سے جاری کردہ کے اعلامیے میں کہا گیا کہ اقتصادی رابطہ کمیٹی نے رواں سال کے حج انتظامات کی منظوری دے دی ہے، جس کے تحت حج (بقیہ نمبر 35)

راولپنڈی پولیس کی اشتہاری مجرمان کے خلاف کاروائی

مختلف مقدمات میں مطلوب 05 اشتہاری مجرمان گرفتار

اشتہاری مجرمان کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی، عامر خان نیازی

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی اشتہاری مجرمان کے خلاف کاروائی، مختلف مقدمات میں مطلوب 05 اشتہاری مجرمان گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق صدر واہ پولیس نے زیادتی کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم زبیر کو گرفتار کرلیا، نصیر آباد پولیس نے امانت میں خیانت کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم جہانگیر کو گرفتار کرلیا، صدر واہ پولیس نے عورت کی عفت میں خلل ڈالنے کے مقدمہ میں مطلوب 02 اشتہاری مجرمان غلام رسول اور حسنین کو گرفتار کرلیا، رتہ امرال پولیس نے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم امجد کو گرفتار کرلیا، اشتہاری مجرمان گزشتہ سالوں سے راولپنڈی پولیس کو مطلوب تھے، ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی کا کہنا تھا کہ اشتہاری مجرمان کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ نصیر آباد پولیس نے امانت میں خیانت کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم جہانگیر کو گرفتار کرلیا، صدر واہ پولیس نے عورت کی عفت میں خلل ڈالنے کے مقدمہ (بقیہ نمبر 37)

لاہور: کچے کے علاقے میں دہشتگردوں کو سر چھپانے کی جگہ نہیں ملے گی: نگران وزیر اعلی

کچے کے علاقے میں دہشتگردوں کو سر چھپانے کی جگہ نہیں ملے گی: نگران وزیر اعلیٰ

نگران وزیر اعلی پنجاب محسن رضا نقوی کی زیر صدارت اہم اجلاس، کچے کے علاقے میں دہشتگردوں کے خلاف آپریشن کا جائزہ لیا گیا

اجلاس کے دوران بریفنگ میں کچے کے علاقے میں دہشت گرد تنظیموں کی موجودگی کا انکشاف ہوا جس کی سی ٹی ڈی نے رپورٹ بھی پیش کردی

لاہور (خصوصی خبر نگار) نگران وزیر اعلی پنجاب محسن رضا نقوی کی زیر صدارت اہم اجلاس ہوا جس میں کچے کے علاقے میں دہشتگردوں کے خلاف آپریشن کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران بریفنگ میں کچے کے علاقے میں دہشت گرد تنظیموں کی موجودگی کا انکشاف ہوا جس کی سی ٹی ڈی نے رپورٹ بھی پیش کر دی، شرکا کو مزید بتایا گیا کہ دہشت گرد تنظیموں کے ملک دشمن عناصر اور بیرون ملک رابطوں کے ٹھوس ثبوت مل گئے ہیں، ان دہشت گردوں کیخلاف سندھ، بلوچستان اور پنجاب پولیس کا پہلی بار مشترکہ آپریشن جاری ہے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ پنجاب پولیس کی 11 ہزار سے زائد نفری آپریشن میں حصہ لے گی اور دہشت گردوں کے ٹھکانے ختم کر کے مستقل انفراسٹرکچر قائم کیا جائے گا، ہر صورت ریاست کی رٹ کو قائم کیا جائے گا، نگران وزیر اعلی نے کچے کے علاقے میں موبائل ہسپتال اور ایمبولینسز بھجوانے کی ہدایت کر دی، علاقے میں پل، سڑکیں اور چوکیاں بنانے کیلئے جامع پلان بھی تیار کرلیا۔ نگران وزیر اعلی محسن رضا نقوی نے آپریشن کیلئے جدید اسلحہ و ٹیکنالوجی کی فراہمی پر پاکستان آرمی سے اظہار تشکر کیا، خان پور سے اغوا ہونے والے دو بچوں کی بحفاظت بازیابی پر ڈی پی او رحیم یار خان اور تفتیشی ٹیم کو شاباش بھی دی، اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے نگران وزیر اعلی نے کہا کچے کے علاقے میں حکومتی (بقیہ نمبر 50)

کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی کی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں میٹنگ

میٹنگ میں بیٹ افسران، تھانوں کے محرر، ڈولفن فورس، محافظ سکواڈ کی شرکت

میٹنگ میں بیٹ افسران، تھانوں کے محرر، ڈولفن فورس، محافظ سکواڈ نے شرکت کی

راولپنڈی (خصوصی رپورٹر) ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی کی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں میٹنگ، میٹنگ میں بیٹ افسران، تھانوں کے محرر، ڈولفن فورس، محافظ سکواڈ کی شرکت، ایس ایس پی آپریشنز نے کارکردگی کا جائزہ لیا اور ہدایات دیں، شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے ڈولفن اور محافظ سکواڈ کا کردار بہت اہم ہے، ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) عامر خان نیازی۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں میٹنگ کا انعقاد کیا گیا، میٹنگ میں بیٹ افسران، تھانوں کے محرر (بقیہ نمبر 51)

رتہ امرال پولیس کی کاروائی، منشیات فروش گرفتار

02 کلو 450 گرام چرس برآمد، مقدمہ درج، رتہ امرال پولیس

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) رتہ امرال پولیس کی کاروائی، منشیات فروش گرفتار، 02 کلو 450 گرام چرس برآمد، مقدمہ درج۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے منشیات فروش سجاد الدین کو گرفتار کرلیا، ملزم سے 02 کلو 450 گرام چرس برآمد کرکے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا، ایس پی راول فیصل سلیم کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان (بقیہ نمبر 52)

اسلام آباد: ملک میں 97 فیصد ڈیجیٹل مردم شماری کا عمل مکمل کرلیا گیا

ساتویں مردم شماری کا آخری دن عمل تاحال مکمل نہ ہوسکا وقت بڑھائے جانے کا امکان

کراچی شہر میں لگ بھگ ایک کروڑ 35 لاکھ جبکہ حیدر آباد ڈویژن میں ایک کروڑ 9 لاکھ افراد گنے جاچکے ہیں، ادارہ شماریات

وفاقی حکومت کو ڈیٹا 30 اپریل تک ارسال کردیا جائے گا جبکہ شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے تمام سیاسی جماعتوں کو بریفنگ بھی دی جائے گی

سندھ کی آبادی اب تک 4 کروڑ 83 لاکھ سے زائد بتائی جارہی ہے، مردم شماری کا عمل جہاں مکمل نہیں وہاں وقت بڑھائے جانے کا امکان ظاہر کیا جارہا ہے

کراچی (اسپیشل رپورٹر) پاکستان میں جاری ساتویں خانہ و مردم شماری کا آج آخری روز ہے لیکن سندھ کے مختلف شہروں میں عمل تاحال مکمل نہ ہو سکا۔ ادارہ شماریات کے مطابق اب تک کراچی شہر میں لگ بھگ ایک کروڑ 35 لاکھ جبکہ حیدر آباد ڈویژن میں ایک کروڑ 9 لاکھ افراد گنے جا چکے ہیں۔ سندھ کی آبادی اب تک 4 کروڑ 83 لاکھ سے زائد بتائی جا رہی ہے، مردم شماری کا عمل جہاں مکمل نہیں وہاں وقت بڑھائے جانے کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔ ڈائریکٹر ادارہ شماریات سندھ کا کہنا ہے کہ کراچی اور حیدر آباد میں مردم شمارہ کا وقت بڑھایا جا سکتا ہے۔ ادارہ شماریات کے حکام کا کہنا ہے کہ وفاقی حکومت کو ڈیٹا 30 اپریل تک ارسال کر دیا جائے گا جبکہ شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے تمام سیاسی جماعتوں کو بریفنگ بھی دی جائے گی۔

اسلام آباد: طیبہ گل ہراساں کیس: عمران خان اور سابق چیئرمین نیب کو طلب کرلیا گیا

عمران خان نئے لوگوں کو آگے لانے کیلئے اقدامات کریں، پی ٹی آئی رہنماء

عمران خان ٹکٹوں کی تقسیم میں نئے چہرے متعارف کرائیں، سیدہ ظل فاطمہ زیدی

حقیقی آزادی اور عام لوگوں کو آگے لانا ہی پی ٹی آئی کی اصل پہچان ہے، ایڈووکیٹ

ملتان (خبر نگار) عمران خان نئے لوگوں کو آگے لانے کیلئے اقدامات کریں۔ موروثی سیاست کا خاتمہ، اقتدار کو گھر کی کھیتی سمجھنے والوں کیخلاف آواز اٹھانے پر ہی پی ٹی آئی ملک کی سب سے بڑی سیاسی جماعت بنی ہے۔ عمران خان ٹکٹوں کی تقسیم میں نئے چہرے متعارف کرائیں کہ حقیقی آزادی اور عام لوگوں کو آگے لانا ہی پی ٹی آئی کی اصل پہچان ہے۔ ان خیالات کا اظہار رہنما پاکستان تحریک انصاف و امیدوار ایم پی اے حلقہ پی پی 214 سیدہ ظل فاطمہ زیدی ایڈووکیٹ نے چیئرمین پاکستان تحریک انصاف (بقیہ نمبر 34)

پنڈی بھٹیاں، تاجر کے گودام سے غیر قانونی ذخیرہ کی گئی 750 بوری چینی برآمد، گودام سیل

پنڈی بھٹیاں (جنرل رپورٹر) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عمر فاروق وڑائچ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر پنڈی بھٹیاں راشد اقبال کی چینی کے غیر قانونی ذخیرہ اندوزوں کے خلاف بڑی کاروائی , کوٹ نکہ میں مقامی تاجر شفقت کے گودام میں (بقیہ نمبر 36)

اسکول جاتے ہوئے بچوں کو اغوا کرنے میں ملوث ملزمان پولیس مقابلے میں ہلاک ہوگئے

لاہور (جنرل رپورٹر) گذشتہ ہفتے گھر سے اسکول جاتے ہوئے بچوں کو اغوا کرنے میں ملوث ملزمان پولیس کے ساتھ مبینہ مقابلے میں ہلاک ہو گئے۔ رپورٹ کے مطابق تھانہ احمد پور لمہ اور تھانہ سبزل پولیس کا مسلح ملزمان کے ساتھ فائرنگ کا تبادلہ ہوا جس دوران 4 ملزمان ہلاک ہو گئے جب کہ دو ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ ترجمان پولیس کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ ناکا بندی پر موجود پولیس نے مشکوک کار کو روکنے کی کوشش کی تو ملزمان نے فرار ہونے کی کوشش میں ناکا توڑتے ہوئے رفتار (بقیہ نمبر 38)

حالات چاہے کچھ بھی ہوں حکومت الیکشن سے فراری ہے: شیخ رشید

ملک میں جمہوری نظام نے چلنا ہے یا انارکی نے پھیلنا ہے اب معاملہ انصاف کے تقاضوں کا نہیں رہا بلکہ ملک کی بقا کا بن گیا ہے

پاکستان میں کابینہ ہر روز ایک نیا تماشہ لگا دیتی ہے، 85 لوگوں کی کابینہ میں وہی لوگ ہیں جو 85 ووٹ بھی نہیں لے سکتے

ریاض (نیوز ڈیسک) سربراہ عوامی مسلم لیگ شیخ رشید احمد کا کہنا ہے کہ حالات چاہے کچھ بھی ہوں یہ حکومت الیکشن سے فراری ہے۔ سربراہ عوامی مسلم لیگ شیخ رشید احمد نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر ایک بیان میں کہا کہ آج کا دن انتہائی اہم ہے، جمہوریت نے جیتنا ہے یا رسوا ہونا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں جمہوری نظام نے چلنا ہے یا انارکی نے پھیلنا ہے اب معاملہ انصاف کے تقاضوں کا نہیں رہا بلکہ ملک کی بقا کا بن گیا ہے، اب فیصلہ سپریم کورٹ کا ہیاور قوم سپریم کورٹ کے پیچھے کھڑی ہے۔ شیخ رشید نے کہا کہ پاکستان میں کابینہ ہر روز ایک نیا تماشہ لگا دیتی ہے، 85 لوگوں کی کابینہ میں وہی لوگ ہیں جو 85 ووٹ بھی نہیں لے سکتے، پی ڈی ایم کو اپنے کیسز میں ڈوبنے کا خطرہ لاحق ہے ورنہ سپریم کورٹ نے یہ تو نہیں کہا کہ کس کو ووٹ دو ، وہ تو کہہ (بقیہ نمبر 32)

اسلام آباد: بھٹو صاحب کے وقت بھی فل کورٹ بنتا تو آج کسی کو شرمندگی نہ ہوتی: ڈاکٹر مصدق ملک

حکومت نے توشہ خانہ کی تفصیلات پبلک کرنے کا فیصلہ چیلنج کردیا

صرف توشہ خانہ کی معلومات عوام سے شیئر کرنے عالمی تعلقات خراب نہیں ہوں گے

سنگل بنچ نے تحائف دینے والوں کے نام بھی پبلک کرنے کی ہدایت کی ہے

لاہور (خبر نگار) وفاقی حکومت نے توشہ خانہ کی تفصیلات پبلک کرنے کے سنگل بینچ کے فیصلے کو لاہور ہائی کورٹ میں چیلنج کر دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق وفاقی حکومت کی طرف سے ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے اپیل دائر کی، جسٹس شاہد بلال حسن اور جسٹس رضا قریشی پر مشتمل بینچ حکومتی اپیل پر سماعت کرے گا۔ حکومتی اپیل میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ سنگل بنچ نے 1990ء سے 2001ء تک توشہ خانہ سے لئے گئے تحائف کی تفصیلات پبلک کرنے کا حکم دیا، سنگل بنچ نے تحائف دینے والوں کے (بقیہ نمبر 33)

تحریک انصاف کا خیبر پختونخوا الیکشن سے متعلق سپریم کورٹ میں دائر درخواست واپس لینے کا فیصلہ

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف نے خیبر پختونخوا الیکشن سے متعلق سپریم کورٹ میں دائر درخواست واپس لینے کا فیصلہ کر لیا۔ سپریم کورٹ رجسٹرار آفس نے درخواست اعتراضات لگا کر واپس کر دی۔ پی ٹی آئی ذرائع (بقیہ نمبر 40)

وزیر خزانہ نے الیکشن اخراجات بل 2023 قومی اسمبلی میں پیش کردیا

موجودہ معاشی صورتحال پی ٹی آئی کی ناقص پالیسیوں کا نتیجہ ہے

آئی ایم ایف سے اسٹاف لیول معاہدہ جلد طے پا جائے گا، اسحاق ڈار

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وزیر خزانہ اسحاق ڈار کا کہنا ہے کہ عمران خان نے پونے چار سال میں ملک کو تباہی کے دہانے پر لا کھڑا کیا، ملک ڈیفالٹ ہونے کے قریب تھا ہم نے سیاست کے بجائے ریاست کو بچایا۔ تفصیلات کے مطابق قومی اسمبلی کے اجلاس میں الیکشن اخراجات بل 2023 پیش کر دیا گیا، وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے الیکشن اخراجات بل ایوان میں پیش کیا۔ انہوں نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ نواز شریف کے دور میں ملک میں مہنگائی کی شرح دو فیصد تھی، منتخب حکومت کیخلاف سازش کر کے سلیکٹڈ پی ٹی آئی حکومت لائی گئی، 2018 میں عمران خان کی غیر منتخب حکومت کو مسلط کیا گیا، موجودہ حکومت کو تباہ حال معیشت ورثے میں ملی۔ سازشی عناصر ذاتی مفاد کی خاطر ملک کو نقصان کو پہنچا رہے ہیں، پی ٹی آئی حکومت نے آئی ایم ایف توڑا اور اسکے برعکس کام کیے، پی ٹی آئی قیادت مسلسل جھوٹی خبریں اور افواہیں پھیل رہی ہے۔ وزیر خزانہ ملک کو درپیش معاشی چیلنجز کی واحد وجہ پی ٹی (بقیہ نمبر 39)

بی آر آئی نے گزشتہ 10 سالوں میں پاکستان کی معیشت پر مثبت اثرات مرتب کیے ہیں، معین الحق

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) چین میں پاکستان کے سفیر معین الحق نے کہا ہے کہ بی آر آئی نے گزشتہ 10 سالوں میں پاکستان کی معیشت پر مثبت اثرات مرتب کیے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے معین الحق نے امید ظاہر کی ہے کہ رواں سال سی پیک اور پاک چین تعلقات کے ضمن میں کووڈ-19 سے پہلے کی رفتار بحال ہوجائے گی ان کا کہنا ہے کہ اس کی وجہ یہ ہے کہ چین میں کووڈ سے متعلقہ (بقیہ نمبر 44)

وفاقی پولیس نے عمران خان کو 9 مختلف مقدمات میں تفتیش کیلئے "آج" اور کل طلب کرلیا

لاہور/اسلام آباد (جنرل رپورٹر) وفاقی پولیس نے پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کو 9 مختلف مقدمات میں تفتیش کے لئے (منگل، بدھ) 11 اور 12 اپریل کو طلب کرلیا۔ سابق وزیر اعظم عمران خان کے خلاف وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے سی ٹی ڈی سمیت 9 تھانوں میں مقدمات درج ہیں، ان مقدمات میں تفتیش کے لیے وفاقی پولیس نے چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کو (بقیہ نمبر 43)

شیخوپورہ میں ذاتی رنجش کا شاخسانہ با اثر افراد نے اپنی ہی عدالت لگالی

ملزمان نے شہری جمیل اور ملازم کو رسی سے باندھ کر شدید تشدد کا نشانہ بنایا

شیخوپورہ (سٹی رپورٹر) شیخوپورہ میں ذاتی رنجش کا شاخسانہ با اثر افراد نے اپنی ہی عدالت لگالی تھانہ فیروز والہ کے علاقے میں شہریوں پر برہنہ کرکے تشدد ملزمان نے شہری جمیل اور ملازم کو رسی سے باندھ کر شدید تشدد کا نشانہ بنایا ملزمان نے نوجوانوں پر تشدد کی ویڈیو بنا کر شوشل میڈیا پر اپلوڈ کر دی ڈی پی او شیخوپورہ زاہد نواز مروت کا نوجوانوں پر بہیمانہ تشدد کا نوٹس تھانہ فیروز والہ پولیس نے فوری مقدمہ درج کر کے ملزمان کو گرفتار کرلیا ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر شیخوپورہ زاھد نواز مروت نے کہا ہے کہ کوئی بھی با اثر شخص (بقیہ نمبر 41)

1973 کا آئین شہید ذوالفقار علی بھٹو کی سیاسی پختگی اور دوراندیشی کا مرہون منت ہے: سپیکر قومی اسمبلی

پاکستان کی ترقی اور خوشحالی جمہوری، وفاقی، اسلامی اور اتفاق رائے پر مبنی آئین کی حقیقی روح کے نفاذ سے جڑی ہوئی ہے، پرویز اشرف

شہید ذوالفقار علی بھٹو کی سیاسی پختگی اور دانشمندی کو تسلیم کرنے کا دن ہے جن کی سیاسی دانش نے اس قوم کو 1973 کے متفقہ آئین سے نوازا

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے کہا ہے کہ 10 اپریل 1973 پاکستان کی سیاسی تاریخ کا ناقابل فراموش دن ہے جب قوم کو پارلیمانی، وفاقی اور اتفاق رائے پر مبنی آئین سے نوازا گیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ترقی اور خوشحالی جمہوری، وفاقی، اسلامی اور اتفاق رائے پر مبنی آئین کی حقیقی روح کے نفاذ سے جڑی ہوئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آج کا دن شہید ذوالفقار علی بھٹو کی سیاسی پختگی اور دانشمندی کو تسلیم کرنے کا دن ہے جن کی سیاسی دانش نے اس قوم کو 1973 کے متفقہ آئین سے نوازا۔ سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے کہا ہے کہ اتفاق رائے (بقیہ نمبر 42)

اسلام آباد: اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کی گولڈن جوبلی تقریبات کے سلسلے میں" یادگار دستور،، کے سنگ بنیاد کے افتتاح کی تقریب میں کمیٹی ممبران کیساتھ گروپ فوٹو

سابق حکومت نے تھر کول کے منصوبوں میں مجرمانہ غفلت کا مظاہرہ کیا، وفاقی وزیر

انرجی مکس میں پاکستان کے کوئلے سے پیدا ہونے والی بجلی شامل کی جائے گی

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) وفاقی وزیر برائے بجلی خرم دستگیر نے کہا ہے کہ سابق حکومت نے تھر کول کے منصوبوں میں مجرمانہ غفلت کا مظاہرہ کیا، یہ پاکستان کا مستقبل ہے، موجودہ حکومت نے تھر کول کے تمام منصوبے مکمل کئے ہیں، دوسری ٹرانسمیشن لائن بھی آئندہ 4 ہفتوں میں مکمل ہو جائے گی۔ پیر کو ایوان بالا میں سینیٹر تاج حیدر کی تحریک پر بحث سمیٹتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 2014 میں سابق وزیر اعظم نواز شریف اور سابق صدر آصف علی زرداری کی سرپرستی میں وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے تعاون سے تھر میں بجلی کی پیداوار کے منصوبے کا آغاز ہوا تھا، تھر کول کے 4 منصوبے سابق حکومت کی عدم توجہی (بقیہ نمبر 47)

لاہور: بھارتی سکھ پارٹی کی جانب سے گوردوارے کیلئے سنگ مرمر کا تحفہ

یہ وہی سنگ مرمر ہے جو امرتسر بھارت میں سکھوں کے سب سے مقدس استھان گولڈن ٹمپل میں استعمال کیا گیا

لاہور (اسپیشل رپورٹر) بھارت سے لاکھوں روپے مالیت کا نایاب سنگ مرمر پاکستان لایا گیا ہے جو لاہور میں گوردوارہ ڈیرہ صاحب کی تزئین و آرائش میں استعمال کیا جائیگا۔ گوردوارہ صاحب کی کارسیوا (تعمیر و توسیع) کرنیوالی سکھ پارٹی نے یہ پتھر تحفے کے طور پر پاکستان بھیجا ہے، یہ وہی سنگ مرمر ہے جو امرتسر بھارت میں سکھوں کے سب سے مقدس استھان گولڈن ٹمپل میں (بقیہ نمبر 45)

فیصل آباد، مخیر افراد کی طرف سے یتیم بچوں کو عید کی من پسند خریداری اور ویلکم

فیصل آباد (جنرل رپورٹر) فیصل آباد کے گاؤں کی خوبصورت روایت فیصل آباد کے مخیر افراد نے شروع کر رکھی ہے۔ تفصیلات کے مطابق یتیم بچوں کو ان کی من پسند عید خریداری اپنے روبرو (بقیہ نمبر 46)

ملک بھر کی مساجد میں لاکھوں فرزندان اسلام "آج" اعتکاف بیٹھنے کی سعادت حاصل کریں گے

اوکاڑہ (خبر نگار) لاکھوں فرزندان اسلام آج کو اعتکاف بیٹھنے کی سعادت حاصل کریں گے، انتظامات مکمل کر لیے گئے۔ تفصیل کے مطابق رمضان المبارک کے آخری عشرہ کا ایک روز بعد آغاز ہو رہا ہے۔ 20 رمضان المبارک بمطابق 11 اپریل منگل کو لاکھوں فرزندان اسلام نماز مغرب سے قبل مسنون اعتکاف بیٹھیں گے اس سلسلے (بقیہ نمبر 48)

اٹک، پولنگ سٹاف کی تربیت کا پہلا مرحلہ مکمل

تحصیل سطح پر بھی جلد ٹریننگ ورکشاپس منعقد ہونگی، ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر

اٹک (خصوصی رپورٹر) ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر اٹک نور الخطاب نے کہا ہے کہ پریزائیڈنگ آفیسرز اور اسسٹنٹ پریزائیڈنگ آفیسرز کی دو روزہ '' ماسٹر ٹریزز ورکشاپ '' مکمل کر لی گئی ہے اور یہ ماسٹر ٹریزز پولنگ عملے کو مزید تربیت دیں گے جس کا آغاز جلد کر دیا جائے گا۔ یہ بات انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ ڈی ای سی نے کہا کہ پولنگ سٹاف جس میں 1069 پریزائیڈنگ آفیسرز اور 3550 اسسٹنٹ پریزائیڈنگ آفیسرز اور پولنگ آفیسرز شامل ہیں کی ٹریننگ کیلئے الیکشن کمیشن سے ہدایات موصول ہوتے ہی تحصیل سطح پر شروع کر دی جائے گی۔ نور الخطاب نے کہا کہ الیکشن کمیشن اٹک عوام تک معلومات پہنچانے کیلئے صحافیوں سے مکمل رابطے میں ہے اور میڈیا کو بروقت آگاہ کرنے کیلئے ضلع اٹک کے فعال ورکنگ جرنلسٹس کا واٹس گروپ بھی تشکیل دیدیا گیا ہے۔ جس کا آغاز جلد کر دیا جائے گا۔ یہ بات انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ ڈی ای سی نے کہا کہ پولنگ سٹاف جس میں (بقیہ نمبر 49)

کوئٹہ: پولیس کی گاڑی کے قریب دھماکا، 2 اہلکاروں سمیت 4 افراد جاں بحق

کوئٹہ میں دھماکا، 2 پولیس اہلکار اور بچی سمیت 4 افراد جاں بحق

پولیس کے مطابق دھماکے میں پولیس کی گاڑی کو نشانہ بنایا گیا جس کے سبب گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کو بھی نقصان پہنچا

لاشوں اور زخمیوں کو امدادی ادارے نے سول اسپتال منتقل کردیا، اسپتال ذرائع کا کہنا ہے کہ دھماکے کے 8 زخمی اسپتال لائے گئے ہیں

کوئٹہ (اسپیشل رپورٹر) کوئٹہ میں ایک مصروف چوک پر پولیس کی گاڑی پر دھماکے سے دو اہلکاروں سمیت چار افراد جاں بحق ہوگئے۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق بلوچستان کے دارالخلافہ کوئٹہ شہر کیقندھاری بازار شارع اقبال پر دھماکا ہوا ہے، جس میں دو پولیس اہلکار، ایک بچی اور ایک شخص جاں بحق ہوگئے، دھماکے میں متعدد افراد زخمی بھی ہوئے، لاشوں اور زخمیوں کو امدادی ادارے نے سول اسپتال منتقل کر دیا۔ اسپتال ذرائع کا کہنا ہے کہ دھماکے کے 8 زخمی اسپتال لائے گئے ہیں۔ پولیس کے مطابق دھماکے میں پولیس کی گاڑی کو نشانہ بنایا گیا جس کے سبب گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کو بھی نقصان پہنچا، واقعے کے بعد سیکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا۔ وزیر اعلی نے دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار کیا اور آئی جی پولیس سے رپورٹ طلب کرلی۔ وزیر اعلی بلوچستان نے کہا کہ مقدس مہینہ میں معصوم لوگوں کا خون بہانے والے انسان کہلانے کے لائق نہیں، اسپتالوں میں ایمر (بقیہ نمبر 57)

باجوڑ، مہمند اور خیبر میں سیکیورٹی فورسز مقامی لوگوں کو صحت کی بنیادی سہولیات فراہم کررہی ہیں

باجوڑ (جنرل رپورٹر) سیکیورٹی فورسز باجوڑ، مہمند اور خیبر کے لوگوں کو صحت کی بنیادی سہولیات فراہم کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہیں۔ تینوں اضلاع کے دور دراز علاقوں میں بنیادی (بقیہ نمبر 58)

غیر جمہوری رویے پارلیمنٹ کو کمزور کریں گے: اسفندیار ولی

اسفندیار ولی نے کہا ہے کہ اپوزیشن کے کردار کی وجہ سے متفقہ آئین ممکن ہوسکا

بدقسمتی سے آئین بنانے اور منظور کروانے والوں کو بعد میں غدار قرار دیا گیا



پشاور (خصوصی رپورٹر) عوامی نیشنل پارٹی کے سربراہ اسفندیار ولی نے کہا ہے کہ آئین کی گولڈن جوبلی کے موقع پر ہمیں عہد کرنا ہوگا کہ اس کتاب کو ہر چیز پر مقدم رکھا جائے گا۔ اپنے ایک بیان میں اسفندیار ولی نے کہا ہے کہ اپوزیشن کے کردار کی وجہ سے متفقہ آئین ممکن ہوسکا، آج ہر اس شخص کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے 1973 کے آئین میں اپنا کردار ادا کیا، میر غوث بخش بزنجو، امیرزادہ خان سمیت کمیٹی کے اراکین نے دن رات محنت کی اور متفقہ آئین دیا۔ اے این پی کے سربراہ نے مزید کہا کہ بدقسمتی سے آئین بنانے اور منظور (بقیہ نمبر 55)

فیصل آباد، تھانہ ٹھیکری والا کے علاقہ 74 ج ب سے نامعلوم افراد نے محنت کش کو اغواء کرلیا

فیصل آباد (خبر نگار) تھانہ ٹھیکری والا کے علاقہ 74 ج ب سے نامعلوم افراد نے محنت کش کو اغواء کرلیا، پولیس نے کارروائی عمل میں لاتے ہوئے مقدمہ درج کر کے مغوی کی بازیابی کیلئے تلاش شروع کر دی۔ تفصیلات کے مطابق 74 ج ب کی رہائشی آسیہ بی بی نے پولیس کو دی جانیوالی درخواست میں بتایا کہ اس کا خاوند گھر سے کام کاج کے سلسلہ (بقیہ نمبر 53)

مفکر پاکستان ڈاکٹر سر علامہ محمد اقبال کا 85 واں یوم وفات 21 اپریل کو منایا جائے گا

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) مفکر پاکستان ڈاکٹر سر علامہ محمد اقبال کا 85 واں یوم وفات 21 اپریل کو منایا جائے گا۔ یوم وفات کے سلسلے میں ملک بھر میں سرکاری و غیر سرکاری سطح پر تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس میں حکیم الامت ڈاکٹر علامہ اقبال (بقیہ نمبر 54)

موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ریاض کالا گینگ کا سرغنہ ساتھیوں سمیت گرفتار، صادق آباد پولیس

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) صادق آباد پولیس کی اہم کاروائی، موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ریاض کالا گینگ کا سرغنہ ساتھیوں سمیت گرفتار، چوری شدہ 07 موٹر سائیکل برآمد۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے کاروائی (بقیہ نمبر 65)

پولیس کی جاری کارروائیوں میں تین منشیات فروش گرفتار دوران تلاشی 7 کلوگرام منشیات برآمد

شیخوپورہ (کرائم رپورٹر) تھانہ فیکٹری ایریا پولیس اور چوکی کوٹ عبدالمالک پولیس کی جاری کارروائیوں میں تین منشیات فروش گرفتار دوران تلاشی 7 کلوگرام منشیات برآمد تفتیش جاری انکشافات متوقع ایس ایچ او تھانہ فیکٹری ایریا شاہد رفیق اور انچارج چوکی کوٹ عبدالمالک جمشید اقبال کے مطابق گرفتار ملزمان کالج اور مدارس کے طالب علموں (بقیہ نمبر 56)

پیپلز پارٹی آئین کی خالق تحفظ کیلئے سیسہ پلائی ہوئی دیوار ثابت ہوگی؛ جمیل منج

پاکستان اور اسکے اداروں کی بقا آئین پر اسکی روح کے مطابق عمل درآمد کرنے میں ہے

جاتی امراء (نیوز ڈیسک) پیپلز پارٹی آئین کی خالق تحفظ کیلئے سیسہ پلائی ہوئی دیوار ثابت ہوگی، پیپلز پارٹی کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ اس نے پاکستان کو 1973 کا پہلا متفقہ آئین دیا، 1973 کے آئین کی گولڈن جوبلی کے موقع پر منعقدہ تقریب میں مرکزی رہنماء این اے حلقہ 125 کے امیدوار رانا جمیل منج پیپلز پارٹی کے قائدین سابق وزیر اعظم شہید ذوالفقار علی بھٹو، سابق وزیر اعظم بینظیر بھٹو شہید، کو بھرپور انداز میں جیالوں سمیت پوری قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی آئین کے تحفظ کیلئے کسی بھی قربانی سے گریز نہیں کرے گی، انہوں نے متفقہ آئین پر دستخط اور اس کی خاطر قربانیاں دینے والوں کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ آج اسی آئین کے باعث چاروں صوبائی اکائیاں اور ادارے کام کر رہے ہیں، پاکستان اور اسکے اداروں کی بقا آئین پر اسکی روح کے مطابق عمل درآمد کرنے میں ہے، انہوں نے کہا کہ اٹھارویں آئینی ترمیم کے ذریعے 1973 کا آئین اصل صورت میں بحال ہو چکا ہے (بقیہ نمبر 59)

راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں

04 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، مقدمات درج، راولپنڈی پولیس

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں، 04 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق نصیر آباد پولیس نے ملزم بلال سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم آغا گل سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم آدم سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ریس کورس پولیس نے ملزم فیصل سے 01 پستول 09 ایم ایم معہ ایمونیشن برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ڈویژنل (بقیہ نمبر 64)

کراچی افتخار چودھری، ثاقب نثار نے بطور چیف جسٹس آئین کو وائلیٹ کیا، سعید غنی

اسلام آباد: مارگلہ ہلز پر باربی کیو اور سگریٹ نوشی کرنے پر پابندی عائد

نوٹیفکیشن میں مزید کہا گیا ہے کہ مارگلہ ہلز پر جانے والوں کیلئے سخت ہدایات کی گئی ہیں

انتظامیہ کے مطابق دفعہ 144 نافذ کی گئی ہے، دفعہ 144 کا نفاذ آج سے دو ماہ تک ہوگا

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وفاقی حکومت نے اسلام آباد کے تفریحی مقام مارگلہ ہلز پر باربی کیو اور سگریٹ نوشی کرنے پر پابندی عائد کر دی۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا جس میں کہا گیا ہے کہ مارگلہ ہلز پر سگریٹ نوشی، کچرے یا پلاسٹک بوتلز، بیگز کو آگ لگانے کی سختی سے ممانعت ہوگی۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے نوٹیفکیشن میں مزید کہا گیا ہے کہ مارگلہ ہلز پر جانے والوں کیلئے سخت ہدایات کی گئی ہیں جن کی خلاف ورزی پر قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔ انتظامیہ کے مطابق ایسے اقدامات سے مارگلہ ہل پر آگ لگنے کے خدشات رہتے ہیں، ان خدشات کو (بقیہ نمبر 60)

پولیس مقابلے میں ایک ڈاکو جاں بحق دو زخمی حالت میں گرفتار تفتیش جاری

شیخوپورہ (خصوصی رپورٹر) شیخوپورہ کے علاقہ گھنگ روڈ پر پولیس مقابلے میں ایک ڈاکو جاں بحق دو زخمی حالت میں گرفتار تفتیش جاری ذرائع کے مطابق چار ڈاکو کالے رنگ کی کار میں لوٹ مار کر کے فرار ہو رہے تھے کہ اطلاع ملنے پر پولیس نے ملزمان کا تعاقب شروع کر دیا مسلح ملزمان (بقیہ نمبر 61)

ارشد شریف کی بیوہ نے اقوام متحدہ سے شوہر کے قتل کی تحقیقات کا مطالبہ کردیا

اقوام متحدہ کے جنرل سیکرٹری سے قتل کی تحقیقات کے لیے بین الاقوامی ماہرین کی ٹیم تشکیل دینے کا مطالبہ

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) پاکستان کے معروف صحافی ارشد شریف کو 23 اکتوبر 2022 کو کینیا میں بے دردی سے قتل کر دیا گیا تھا۔ ارشد شریف کی بیوہ جویریہ صدیق نے اقوام متحدہ سے شوہر کے قتل کی تحقیقات کا مطالبہ کر دیا۔ جویریہ صدیق نے ایک ویڈیو پیغام میں کہا ہے کہ ارشد شریف کے قتل کو پانچ ماہ سے زائد کا عرصہ ہو گیا تاہم ان کے کیس کے حوالے سے پاکستان اور کینیا میں کوئی (بقیہ نمبر 62)

موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث تابی گینگ کا سرغنہ 03 ساتھیوں سمیت گرفتار

راولپنڈی (خصوصی خبر نگار) گنجمنڈی پولیس کی اہم کاروائی، موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث تابی گینگ کا سرغنہ 03 ساتھیوں سمیت گرفتار، چوری شدہ 11 موٹر سائیکل برآمد۔ تفصیلات کے مطابق گنجمنڈی پولیس نے کاروائی (بقیہ نمبر 63)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی
سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الٰہ دین فن ہاؤس سکستھ
روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035